http://www
لمحہ بہ لمحہ باخبر رہنے کیلئے شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونے والا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
ایڈیٹر راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی
جلد نمبر 06 | پیر 31 اگست 2026ء، 17 ربیع الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 354
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

ڈاکٹر محمد سلمان نے پمز کا چارج سنبھال لیا

فوجداری کاروائی منظور

مریضوں کو بہتر اور تیز ترین طبی سہولتیں فراہم کرنا وقت کی ضرورت، حفاظت اور انہیں بہتر صحت کی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے

پمز میں مریضوں کا بہت زیادہ بوجھ ہے، نئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی میڈیا سے گفتگو، عہدہ سنبھالتے ہی اجلاس طلب کرلیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پمز اسلام آباد کے نئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد سلمان نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ عہدہ سنبھالتے ہی انہوں نے پمز کے مختلف شعبوں کے سربراہان کا اجلاس طلب کیا، جس میں پمز انتظامیہ کے افسران اور ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز ڈاکٹر محمد سلمان نے کہا کہ انکوائری کمیٹی کی رپورٹ کی روشنی میں تمام مسائل کے حل کی کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کی حفاظت اور انہیں بہتر صحت کی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے، جبکہ مریضوں کو بہتر اور تیز ترین طبی سہولتیں فراہم کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر سلمان نے کہا کہ پمز میں حالیہ 2 واقعات پیش آئے ہیں، جن کی روک تھام کے لیے مؤثر حکمت عملی وضع کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پمز میں مریضوں کا بہت زیادہ بوجھ ہے، بڑی تعداد میں آنے والے مریضوں کو بہتر طبی سہولتیں فراہم کرنے کے لیے مزید اقدامات کیے جائیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ مریضوں کے لیے سہولتیں بہتر بنانے کے حوالے سے وزارتِ صحت سے بھی بات کی جائے گی۔ جبکہ دوسری جانب پمز نرسری آتشزدگی کی عبوری انکوائری رپورٹ وزیراعظم کی ہدایت کے باوجود تاحال وزارتِ نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن کی ویب سائٹ پر جاری نہیں کی گئی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

پہلے ہڑتال، لانگ مارچ اور پھر انقلاب کی کال دوں گا، حافظ نعیم

حکمران عوامی طاقت کا مقابلہ نہیں کر سکتے، مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو اسلام آباد لانگ مارچ کی کال دی جائے گی

شہباز سپیڈ مہنگائی بڑھانے کے لیے استعمال ہو رہی ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان کا لیاقت باغ جلسہ سے خطاب

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ حکمرانوں نے عوام کی ترقی کی شاہراہیں بند کر رکھی ہیں، تین ستمبر کی ایک دن کی شٹر ڈاؤن ہڑتال قوم کو ایک لڑی میں پرو کر ان کی خوشحالی اور آزادی کی شاہراہیں کھول دے گی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن لیاقت باغ راولپنڈی میں جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

شدید گرمی، حبس، ملک بھر میں لوڈشیڈنگ 16 گھنٹے تک پہنچ گئی

نظام زندگی بری طرح متاثر

شارٹ فال کے باعث بجلی بندش کا دورانیہ 6 سے 16 گھنٹے تک پہنچ گیا، ملک کے جنوبی علاقے زیادہ متاثر

تربیلا کے مقام پر دریائے سندھ میں پانی کی آمد اور اخراج ایک لاکھ 82 ہزار 100 کیوسک ہے، ترجمان واپڈا

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) شدید گرمی اور حبس میں ملک بھر میں طویل دورانیے کی بجلی بندش جاری ہے، شارٹ فال کے باعث بجلی بندش کا دورانیہ 6 سے 16 گھنٹے تک پہنچ گیا۔ ذرائع کے مطابق شدید گرمی میں لوڈشیڈنگ سے سب سے زیادہ ملک کے جنوبی علاقے متاثر ہیں، جنوبی پنجاب، سندھ اور کے پی میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 10 سے 12 گھنٹے تک پہنچ گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ملک کے بڑے شہری علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 6 گھنٹے تک ہے، جبکہ دیہی علاقوں اور چھوٹے شہروں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 12 گھنٹے تک ہے۔ بجلی چوری اور نقصانات والے علاقوں میں لوڈشیڈنگ 12 گھنٹے سے بھی زائد ہے۔ ذرائع کے مطابق ملک بھر میں رات کے اوقات میں بجلی بندش کا دورانیہ زیادہ ہے۔ حکام کے مطابق بجلی کی فراہمی میں بہتری کا انحصار آر ایل این جی کارگو کی بروقت آمد پر ہوگا۔ پاور ڈویژن کے مطابق آر ایل این جی کی عدم دستیابی سے بجلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

لاہور، وزیراعظم شہباز شریف اور قائد ن لیگ نواز شریف سے وزیراعظم آزاد کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی ملاقات کر رہے ہیں

ایشیائی ترقیاتی بینک: پاکستان کیلئے 33 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری

پاور ٹرانسمیشن اسٹرینتھننگ پراجیکٹ کیلئے دیئے قرض کا مقصد قومی ٹرانسمیشن نیٹ ورک کو وسعت دینا، سستی ہائیڈرو اور قابلِ تجدید توانائی کو ملک کے بڑے لوڈ مراکز تک منتقل کرنا ہے

اسلام آباد اور فیصل آباد کے اہم گرڈ انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر اپ گریڈ کیا جائیگا، منصوبہ پاکستان اور اے ڈی بی کے مضبوط شراکت دارانہ تعلق کا مظہر ہے، کنٹری ڈائریکٹر ایما فین

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کے دوسرے پاور ٹرانسمیشن اسٹرینتھننگ پراجیکٹ کے لیے 33 کروڑ ڈالر کے مجموعی قرض کی منظوری دے دی ہے۔ اے ڈی بی کے مطابق یہ منصوبہ حکومتِ پاکستان کی ترجیحی سرمایہ کاریوں میں شامل ہے جس کا مقصد قومی ٹرانسمیشن نیٹ ورک کو وسعت دینا اور سستی ہائیڈرو اور قابلِ تجدید توانائی کو ملک کے بڑے لوڈ مراکز تک مؤثر انداز میں منتقل کرنا ہے۔ منصوبے کے تحت 500 کے وی کی تقریباً 290 کلومیٹر طویل نئی ٹرانسمیشن لائن تعمیر کی جائے گی جبکہ اسلام آباد اور فیصل آباد کو بجلی فراہم کرنے والے اہم گرڈ انفراسٹرکچر کو بھی جدید خطوط پر اپ گریڈ کیا جائے گا۔ اس ترقیاتی کام سے پاکستان کے شمال، جنوب پاور کوریڈور میں دیرینہ رکاوٹیں دور ہوں گی اور شمالی ہائیڈرو پاور پلانٹس سے 3,200 میگاواٹ تک صاف توانائی کی ترسیل ممکن ہوگی، جس سے درآمدی ایندھن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

امریکا توانائی مارکیٹ میں ہیرا پھیری کر رہا ہے، عراقچی

تہران (آئی این پی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ امریکا ذرائع ابلاغ کے ذریعے توانائی کی عالمی مارکیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

قانون میں سقم کی وجہ سے ملزمان فائدہ اٹھاتے ہیں، روبینہ خالد

ہم آیت نور کی فیملی کے ساتھ ہیں، متاثرہ فیملی کی ہر قانونی و عدالتی کارروائی میں مدد کی جائیگی

ہری پور (آئی این پی) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) روبینہ خالد نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کا پیغام لائی ہوں کہ ہم آیت نور کی فیملی کے ساتھ ہیں۔ روبینہ خالد نے آیت نور کے گھر جا کر مقتول بچی کے والد سے تعزیت کی۔ انہوں نے بچی سے زیادتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

صوبہ بنانا کوئی غیر آئینی بات یا غداری نہیں، مصطفیٰ کمال

کراچی حیدرآباد میر پور خاص کے بعد لاڑکانہ میں جلسہ کریں گے

کراچی (بیورو رپورٹ) ایم کیو ایم پاکستان کے زیر اہتمام اتوار کو اورنگی ٹاؤن کے آفتاب گراؤنڈ میں ہونے والے ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے سینئر رہنما اور وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ انتظامی یونٹس کے بعد ہم خود بلدیاتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

ہمیں اپنے اندر اخلاقِ حسنہ پیدا کرنا ہونگے، علامہ راجہ ناصر عباس

لیاقت بلوچ کی امریکی و اسرائیلی جارحیت کی مذمت، اتحاد اہم ضرورت قرار

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے چیئرمین، اپوزیشن لیڈر سینیٹ آف پاکستان اور ملی یکجہتی کونسل کے نائب صدر علامہ راجہ ناصر عباس جعفری نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

وعدے پورے ہونے تک ہرمز نہیں کھلے گی، ایران

راستہ کھولنے کا فیصلہ امریکی ذمہ داریوں کی تکمیل سے مشروط ہے،، نائب وزیر خارجہ

تہران (آئی این پی) ایران کے نائب وزیرِ خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز اس وقت تک نہیں کھلے گی جب تک امریکہ اپنے وعدے پورے نہیں کرتا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اپنے ایک بیان میں نائب وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران اور عمان کے درمیان آبنائے ہرمز سے گزرنے کے انتظامات پر سمجھوتہ ہو چکا، تاہم راستہ کھولنے کا فیصلہ امریکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

افتخار گیلانی کی وزارتِ عظمیٰ نواز شریف کا فیصلہ، کسی سے زیادتی نہیں کی

رانا ثناء اللہ

پارٹی قیادت کیلئے مشکل فیصلہ تھا، چار امیدوار اس دوڑ میں شامل تھے لیکن کسی ایک کا انتخاب ہی ہونا تھا

شاہ غلام قادر پارٹی کے صدر ہیں، وہ ہر قیمت پر ساتھ رہیں گے، انہیں، فاروق حیدر کو ٹیم میں شامل کرینگے، گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ بیرسٹر افتخار گیلانی کو وزیراعظم آزاد کشمیر بنانے کا فیصلہ نواز شریف کا تھا، کسی سے زیادتی نہیں کی گئی۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ بیرسٹر افتخار گیلانی کو وزیراعظم بنانے کا فیصلہ پارٹی قیادت اور میاں نواز شریف کا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارٹی قیادت کیلئے مشکل فیصلہ تھا۔ چار امیدوار اس دوڑ میں شامل تھے لیکن کسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سینیٹ قائمہ کمیٹی قومی صحت کا اجلاس آج پمز میں طلب

پمز میں بچوں کی المناک اموات کا معاملہ اجلاس کے ایجنڈے میں واحد نکتہ ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پمز ہسپتال میں بچوں کی المناک اموات کے معاملے پر سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے قومی صحت کا اجلاس آج پمز ہسپتال میں طلب کر لیا گیا۔ سینیٹ سیکرٹریٹ نے اجلاس کے انعقاد کا باقاعدہ نوٹس جاری کر دیا ہے جس کے مطابق پمز میں بچوں کی المناک اموات کا معاملہ اجلاس کے ایجنڈے میں واحد نکتہ ہوگا۔ قائمہ کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر عامر ولی الدین چشتی اجلاس کی صدارت کریں گے، اجلاس دوپہر 12 بجے پمز ہسپتال کے کانفرنس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

خلیجی ممالک حقیقی دشمن کی شناخت کریں، ایرانی سپریم لیڈر

اسلامی اقوام کے مسائل کا حل اتحادِ کلمہ، دوستی، بھلائی کی راہ میں تعاون میں ہے، پیغام

تہران (صباح نیوز) ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا ہے کہ امریکی اور اسرائیلی مجرم حکمران صرف ایران کے نہیں تمام مسلم امہ کے دشمن ہیں، خلیجی ممالک اپنے حقیقی دشمن کی شناخت کریں۔ ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے مشرقِ وسطیٰ میں جنگ شروع ہونے کے چھ ماہ مکمل ہونے کے موقع پر جاری کیے گئے ایک تحریری پیغام میں خطے کے مسلم ممالک سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

کال سینٹر کیس میں مزید 20 چینی شہری پاکستان بدر، نام بلیک لسٹ

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد میں کال سینٹر کے ذریعے غیر اخلاقی مواد فروخت کرنے کے کیس میں گرفتار مزید 20 چینی شہریوں کو پاکستان بدر کر دیا گیا۔ ایف آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

نیپرا کے نئے کارکردگی قوانین، بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں پر شکنجہ سخت

بجلی تقسیم کار کمپنیوں کے لیے کارکردگی کے معیار وسیع کر دیئے گئے، اہم ضابطہ جاتی تبدیلیاں متوقع

نئے ضوابط میں ان شعبوں میں نمایاں توسیع کی بنیاد پر بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائیگا

کراچی، وزیر صحت مصطفیٰ کمال جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کے نئے کارکردگی قوانین کے تحت بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں پر شکنجہ سخت کر دیا گیا ہے اور بجلی تقسیم کار کمپنیوں کے لیے کارکردگی کے معیار وسیع کر دیئے گئے ہیں۔ پاکستان کے بجلی کی تقسیم کے شعبے میں اہم ضابطہ جاتی تبدیلیاں متوقع ہیں، کیونکہ نیپرا تقریباً دو دہائی پرانے کارکردگی کے فریم ورک سے ہٹ کر ایک زیادہ جامع اور قابلِ پیمائش نظام متعارف کرانے کی جانب بڑھ رہی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

بنگلا دیش کی چین سے جنگی طیارے خریدنے کے معاہدے کی تصدیق

ڈھاکہ (آئی این پی) بنگلا دیش نے چین سے جدید J-10CE جنگی طیارے خریدنے کی جانب اہم پیش رفت کی ہے۔ بنگلہ دیشی حکام کے مطابق طیاروں کی خریداری کی تجویز منظوری کے لیے وزارت خزانہ اور مسلح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

سوہاوا، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کھلی کچہری میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں

پاکستان نے 1200 ارب قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کر دیا

مجموعی طور پر 2900 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کیا گیا، خرم شہزاد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے 1200 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کر دیا جو اب تک کی سب سے بڑی واحد قبل از وقت قرض ادائیگی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا کہ پاکستان کی قبل از وقت قرض ادائیگیوں کا مجموعی حجم 6000 ارب روپے کے قریب پہنچ گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اب تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

ایف بی آر عملہ دکان میں داخل نہیں ہو سکے گا، بلال اظہر

کراچی (آئی این پی) وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ کراچی کے تاجروں اور دکانداروں کی سہولت کیلئے آسان ٹیکس اسکیم متعارف کرائی گئی ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

خواجہ آصف کا لاہور ایئرپورٹ کا دورہ، سہولیات کا جائزہ

خواتین مسافروں کی جلد کلیئرنس، اضافی سرچ کاؤنٹر قائم کرنے کی ہدایت

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مسافروں کی سہولیات اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ پی اے اے کے مطابق وفاقی وزیر دفاع نے خواتین مسافروں کی جلد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد مراکز صحت میں لائف سیفٹی انتظامات کا جائزہ لینے کا فیصلہ

اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی نے مراکز صحت کو مراسلہ لکھ دیا

اسلام آباد (صباح نیوز) پمز اسپتال کی نرسری میں آتشزدگی کے واقعہ کے بعد اسلام آباد کے مراکز صحت میں لائف سیفٹی انتظامات کا از سر نو جائزہ لینے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی نے مراکز صحت کو مراسلہ لکھ دیا، آئی ایچ آر اے نے مراسلے میں لکھا کہ مراکز صحت فائر وار لائف پروٹیکشن انتظامات کا از سر نو جائزہ لیں، مراکز صحت مریض و عملے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

اسرائیل نے ایران پر ایک بار پھر حملے کی دھمکی دیدی

ایران معاہدہ کر بھی لے تو بھی جوہری ہتھیار بنانے پر حملہ کرینگے، اسرائیلی وزیر

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل نے ایران پر ایک بار پھر حملے کی دھمکی دے دی۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی وزیر توانائی ایلی کوہن نے اسرائیلی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ ایران نے جوہری یا بیلسٹک میزائل بنائے تو ایران پر دوبارہ حملہ کریں گے۔ اسرائیلی وزیر کا کہنا تھا ایران امریکا سے معاہدہ کر بھی لے تو بھی جوہری ہتھیار بنانے پر ایران پر حملہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال سنٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انقرہ، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار ترک اعلیٰ حکام سے ملاقات کر رہے ہیں

ٹرمپ امریکی تاریخ کے کرپٹ ترین صدر ہیں، امریکی ڈیموکریٹک سینیٹر

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی ڈیموکریٹ سینیٹر الزبتھ وارن نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو امریکی تاریخ کا سب سے کرپٹ صدر قرار دیتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ سے ٹرمپ کے قریب سمجھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

دادو، دو گروپوں میں خونی تصادم، 8 افراد جاں بحق

خاتون سمیت 3 زخمی، علاقے میں خوف و ہراس، مکین گھروں میں محصور

دادو (آئی این پی) صوبہ سندھ کے ضلع دادو میں کچے کے علاقے میں دو گروپوں میں خونی تصادم کے نتیجے میں دو سگے بھائیوں سمیت 8 افراد جاں بحق اور راہگیر خاتون سمیت تین زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق دادو میں چانڈیا برادری کے 2 گروپوں میں شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں علاقہ میدان جنگ بن گیا، فائرنگ کے باعث علاقے میں خوف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

لارڈز ٹیسٹ میں پاکستانی ٹیم کو عبرت ناک شکست دینے کے بعد انگلینڈ ٹیم جشن منا رہی

نیپال میں مزید سیلاب کا الرٹ، ہلاکتیں 750 سے متجاوز

3044 افراد اب بھی لاپتہ، ریسکیو کارروائیاں پانچویں روز بھی جاری

کھٹمنڈو (مانیٹرنگ ڈیسک) نیپال اور تبت تباہ کن سیلاب کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد 750 سے بڑھ گئی ہے، جبکہ 3044 افراد اب بھی لاپتہ ہیں، نیپال میں مزید سیلاب کا الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ نیپال میں ریسکیو کارروائیاں پانچویں روز بھی جاری ہیں اور اب تک 3,700 سے زائد افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جا چکا ہے۔ حکام کے مطابق شدید سیلاب اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

سانحہ پمز میں شہید ایک بچہ لاوارث نکلا، کوئی میت لینے نہ آیا

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی دارالحکومت کے سب سے بڑے سرکاری اسپتال پمز میں آتشزدگی کے واقعہ میں جاں بحق 14 نومولود کی میتیں والدین حوالگی کی مزید تفصیلات جاری کر دی گئیں۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد یادداشت پر عملدرآمد سے مشکلات پر قابو پا سکتے ہیں، ایرانی صدر

مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد سے امریکا اور اسرائیل کو خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے سے روکا جا سکے گا، مسعود پزشکیان

ایران جنگ نہیں چاہتا، کسی بھی جارحیت کیخلاف پوری قوت سے کھڑا ہوگا، کوئی بھی طاقت ہتھیار ڈالنے پر مجبور نہیں کر سکتی

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ اندرونی اتحاد کے ساتھ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد سے ایران کو اپنے مسائل پر قابو پانے میں مدد مل سکتی ہے۔ ایران کی نیم سرکاری خبر رساں ایجنسی اثنا کے مطابق ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ حکومت کا ماننا ہے کہ اگر اندرونی اتحاد کی بنیاد پر ہم اس مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد کریں، جسے ملک کی عزت و وقار اور ترقی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

ڈکی میں گاڑی پر آئی ای ڈی حملہ، 3 سگے بھائی جاں بحق، ایک شخص زخمی

تحصیل لونی کے علاقے کلی بختیار خان میں ندی سے گزرتے ہوئے ایک گاڑی آئی ای ڈی دھماکے کی زد میں آگئی

واقعے کے بعد فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا

دکی (صباح نیوز) بلوچستان کے ضلع دکی کی تحصیل لونی کے علاقے کلی بختیار خان میں ندی سے گزرتے ہوئے ایک گاڑی آئی ای ڈی دھماکے کی زد میں آگئی، جس کے نتیجے میں تین سگے بھائی جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہو گیا۔ ایس پی دکی منصور احمد بزدار کے مطابق واقعہ اس وقت پیش آیا جب چار افراد ایک گاڑی میں سوار ہو کر زمینداری کے کام کے لیے جا رہے تھے۔ گاڑی جیسے ہی کلی بختیار خان کے قریب ندی سے گزر رہی تھی کہ زوردار دھماکا ہو گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں تین بھائی موقع پر جاں بحق ہو گئے، جن کی شناخت رحمت اللہ، دورانی اور نعمت اللہ ولد سلطان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ہولی فیملی میں سرجری، بچے کا کٹا ہوا ہاتھ دوبارہ جوڑ دیا گیا

جہلم کے 5 سالہ بچے کا ہاتھ ٹوکے کے وار سے مکمل طور پر کٹ گیا تھا

مائیکرو ویسکیولر سرجری کے ذریعے خون کی شریانیں اور رگیں بحال کر دی گئیں

راولپنڈی (صباح نیوز) راولپنڈی کے ہولی فیملی اسپتال میں کامیاب ری پلانٹیشن سرجری کے بعد ڈاکٹرز نے مریض کا ہاتھ دوبارہ جوڑ دیا۔ ڈاکٹر طیب اور ڈاکٹر امبرین کی سربراہی میں ٹیم نے کامیاب سرجری کی اور 5 سالہ بچے کا کٹا ہوا ہاتھ دوبارہ جوڑ دیا۔ جہلم کے 5 سالہ بچے کا ہاتھ ٹوکے کے وار سے مکمل طور پر کٹ گیا تھا۔ ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ مائیکرو ویسکیولر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

چینی صدر شی جن پنگ کے شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے بشکیک پہنچنے پر استقبال کیا جا رہا ہے

اسلام آباد، وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک سے سی ای او ایز ایجنسی اینڈ ڈائریکٹر NYLP انیقہ حسن شیلڈ وصول کر رہی ہیں

راولپنڈی، ماں، بیٹی اور بیٹا ڈیم میں ڈوب کر جاں بحق

واقعہ کلر سیداں کے گاؤں ترکھی میں پیش آیا، علاقے میں سوگ کی فضا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب کے علاقے راولپنڈی کے گاؤں میں ڈیم میں ڈوب کر ماں، بیٹی اور بیٹا جاں بحق ہو گئے۔ اہل علاقہ کے مطابق افسوسناک واقعہ کلر سیداں کے گاؤں ترکھی میں پیش آیا جہاں مقامی ڈیم میں ڈوبنے سے ماں، بیٹی اور بیٹا جاں بحق ہو گئے۔ دوسری جانب ریسکیو ذرائع کا کہنا تھا کہ 8 سالہ صبح الحسن جانوروں کو ڈیم سے پانی پلا رہا تھا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

راول ڈیم کے سپل ویز آج صبح 6 بجے کھولنے کا فیصلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مون سون بارشوں کے باعث راول ڈیم میں پانی کی سطح میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کے بعد ضلعی انتظامیہ اسلام آباد نے ڈیم کے سپل ویز کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

عراق کی ایران، امریکا میں معاہدہ کیلئے ثالثی کی پیشکش

ایسا معاہدہ طے پائے جو خطے کے مفادات اور حقوق کو مدنظر رکھے، سکیورٹی مشیر

بغداد (آئی این پی) عراقی وزیراعظم کے سکیورٹی مشیر قاسم الاعرجی نے کہا ہے کہ عراق ایران اور امریکا کے درمیان رابطے کا ذریعہ بننے اور دونوں ممالک کے درمیان کسی ایسے معاہدے کی راہ ہموار کرنے کی کوشش کر رہا ہے جو پورے خطے کے حقوق اور مفادات کو یقینی بنائے۔ الجزیرہ کو دیئے گئے ایک حالیہ انٹرویو میں قاسم الاعرجی نے کہا کہ عراق کے ایران اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

مالاکنڈ: مسافر کوچ، ڈمپر میں تصادم، 4 افراد جاں بحق، 7 زخمی

زخمی مقامی اسپتال منتقل، بعض کی حالت تشویشناک، واقعہ کی مزید چھان بین جاری

مالاکنڈ (صباح نیوز) مالاکنڈ میں سوات ایکسپریس وے پر تیز رفتاری کے باعث ٹنل ٹو کے قریب مسافر کوچ اور ڈمپر میں خوفناک تصادم کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق، 7 زخمی ہو گئے۔ موٹروے پولیس اور ریسکیو ٹیمیں جائے حادثہ پر پہنچ گئیں اور فوری امدادی کارروائیاں شروع کر دیں، ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو جائے حادثہ سے نکال کر مقامی اسپتال منتقل کر دیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

این اے 168 ضمنی الیکشن: ن لیگ نے منیر اقبال چنڑ کو ٹکٹ جاری کر دیا

بہاولپور (صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 168 بہاولپور کے ضمنی انتخاب کے لیے ملک منیر اقبال چنڑ کو پارٹی ٹکٹ دینے کی منظوری دے دی، جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

دیہی علاقوں میں صنعتی زونز قائم کئے جائیں، ہمایوں اختر

عالمی آئی ٹی اداروں سے اشتراک کا دائرہ دیہی علاقوں تک بڑھایا جائے، گفتگو

فیصل آباد (صباح نیوز) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ دیہی علاقوں میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کیلئے صنعتی زونز قائم کرنے کی ضرورت ہے، گوگل اور دیگر عالمی آئی ٹی اداروں کے ساتھ اشتراک خوش آئند ہے تاہم اس کا دائرہ کار دیہی علاقوں تک بھی پھیلایا جائے تاکہ دیہی نوجوانوں کو جدید ہنر، آئی ٹی اور آن لائن روزگار کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568

Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

پاکستان، کویت معاہدہ، پاک فوج کویتی افواج کی تربیت کریگی

کویت کے وزیر دفاع شیخ عبداللہ علی عبداللہ السالم الصباح کی قیادت میں کویت کے اعلیٰ سطح کے وفد نے گذشتہ روز جی ایچ کیو راولپنڈی کا دورہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کویتی وزیر دفاع کی زیر قیادت کویت کے وفد نے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ دفاعی تعاون، خطے کی صورت حال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس ملاقات کے موقع پر کویت اور پاکستان کے مابین دفاعی تعاون کا معاہدہ بھی طے پایا جس کے تحت پاک فوج کویتی افواج کی تربیت اور سرحدی دفاع میں معاونت کرے گی۔ دوران ملاقات کویتی وزیر دفاع نے پاکستانی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ دریں اثناء کویتی وفد نے پاکستان کی وزارتِ دفاع کا دورہ بھی کیا اور وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کی۔ اس موقع پر پروٹوکول معاہدہ 2026ء پر دستخط ہوئے۔ پاکستان اور کویت کے مابین دفاعی تعاون کا معاہدہ اس امر کی غمازی کرتا ہے کہ مسلم دنیا کو درپیش سلامتی کے چیلنجز کے تناظر میں باہمی تعاون اور مشترکہ دفاعی استعداد وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے۔ کویتی وزیر دفاع کی قیادت میں کویتی وفد کا جی ایچ کیو کا دورہ اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔ اس موقع پر پاکستان اور کویت نے دفاعی تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا ہے جبکہ معاہدے کے تحت پاک فوج کویتی افواج کی تربیت اور سرحدی دفاع کے سلسلے میں معاونت فراہم کرے گی۔ یہ تعاون دونوں برادر اسلامی ممالک کے دیرینہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ خطے میں امن واستحکام کے لئے بھی مثبت پیش رفت ثابت ہوسکتا ہے۔ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ پاکستان کی مسلح افواج کو تربیت، پیشہ ورانہ مہارت اور دہشت گردی کے خلاف جنگ کے عملی تجربے کے حوالے سے عالم اسلام میں ایک منفرد مقام حاصل ہے۔ کویت کے ساتھ دفاعی تعاون اسی تجربے کو بروئے کار لانے کا ایک اہم موقع ہے۔ بالخصوص ایسے وقت میں جب مشرق وسطیٰ مسلسل کشیدگی، علاقائی تنازعات اور بیرونی مداخلت کی زد میں ہے، مسلم ممالک کے لئے اپنے دفاعی معاملات میں باہمی تعاون بڑھانا ناگزیر ہو چکا ہے۔ بے شک کسی ایک ملک کی سلامتی کو باقی مسلم دنیا سے الگ کر کے نہیں دیکھا جاسکتا کیونکہ ایک خطے میں پیدا ہونے والی بدامنی کے اثرات دوسرے ممالک تک بھی جا پہنچتے ہیں۔

اسی وسیع تر تناظر میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا یہ کہنا قابل غور ہے کہ ایران اسلامی ہمسایہ ممالک کے ساتھ مشترکہ سکیورٹی انتظامات کے لئے تیار ہے اور مسلم ممالک کو اپنے تنازعات خود حل کرنے چاہئیں۔ بلا شبہ یہ ایک اصولی اور حقیقت پسندانہ سوچ ہے۔ مسلم ممالک اگر اپنے باہمی اختلافات کو مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے حل کرنے کی صلاحیت پیدا کرلیں تو بیرونی قوتوں کو اپنے مفادات کے لئے ان کے فروعی اختلافات سے فائدہ اٹھانے کا موقع نہیں ملے گا۔ اس تناظر میں قطر کے وزیر اعظم کی ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات بھی انہی سفارتی کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے کہ علاقائی مسائل کا حل تصادم کے بجائے بات چیت اور باہمی مفاہمت سے ہی ممکن ہے۔

چین نے بھی اسی بنیاد پر ایران پر عائد امریکی پابندیوں کو اقوام متحدہ کے مینڈیٹ کے منافی قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ دباؤ کسی مسئلے کا حل نہیں۔ عالمی سیاست میں طاقتور ممالک کی جانب سے پابندیوں، دباؤ اور یک طرفہ فیصلوں کا استعمال کوئی آج کا معاملہ نہیں البتہ مسلم دنیا کے لئے یہ صورتحال اس حوالے سے لمحہ فکریہ ہے کہ اس کے قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور اقتصادی امکانات کے باوجود وہ اجتماعی طور پر عالمی فیصلوں پر مؤثر اثر انداز ہونے کی پوزیشن میں کیوں نہیں آسکی۔

آج مسلم دنیا کے خلاف امریکی توسیع پسندانہ عزائم اور خطے میں مسلسل بڑھتی ہوئی کشیدگی اس امر کی متقاضی ہے کہ تمام مسلم ممالک محض بیانات اور سفارتی احتجاج پر اکتفا کرنے کے بجائے ایک مشترکہ حکمت عملی تشکیل دیں۔ اس حکمت عملی کا بنیادی مقصد کسی ملک کے خلاف محاذ آرائی نہیں بلکہ اپنی خودمختاری، سلامتی اور ترقی کا تحفظ ہونا چاہئے۔ دفاعی تعاون، انٹیلی جنس شیئرنگ، انسداد دہشت گردی، سائبر سکیورٹی، دفاعی پیداوار، بحری تحفظ اور ہنگامی حالات میں باہمی معاونت ایسے شعبے ہیں جہاں مسلم ممالک ایک دوسرے کی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کر سکتے ہیں۔ اس تناظر میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے مابین طے پائے مکہ معاہدے نے مشترکہ دفاعی تعاون کی ایک اہم بنیاد فراہم کی ہے۔ اس معاہدے کو وسیع تر مسلم تعاون کی بنیاد بنایا جانا چاہئے اور ایران سمیت تمام مسلم ممالک کو اس میں شامل کرنے کی سنجیدہ کوشش ہونی چاہئے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے تاریخی برادرانہ تعلقات، ترکی کی دفاعی وصنعتی صلاحیت اور ایران کی جغرافیائی وتزویراتی اہمیت مل کر مسلم دنیا کے لئے ایک مضبوط دفاعی وسفارتی فریم ورک تشکیل دے سکتی ہے۔ اس اتحاد کا مقصد کسی بیرونی طاقت کے خلاف جنگ نہیں بلکہ یہ اصول طے کرنا ہونا چاہئے کہ مسلم ممالک ایک دوسرے کی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے تحفظ کے لئے متحد ہیں۔ پاکستان اور کویت کا موجودہ دفاعی تعاون کا معاہدہ بھی اسی تصور کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ خلیجی ممالک، پاکستان، ترکی اور ایران اگر باہمی اعتماد کے ماحول میں دفاع، معیشت اور سفارت کاری کے شعبوں میں تعاون بڑھائیں تو خطے میں طاقت کا ایک ایسا متوازن نظام تشکیل دیا جاسکتا ہے جس میں بیرونی قوتوں کی مداخلت کی گنجائش خود بخود کم ہوجائے گی۔ تاہم اس کے لئے ضروری ہے کہ مسلم ممالک باہمی اختلافات کو دشمنی میں تبدیل نہ ہونے دیں اور ایک دوسرے کے خلاف استعمال ہونے کے بجائے مشترکہ مفادات کو ترجیح دیں۔ بے شک اتحادِ امت کا تصور محض جذباتی نعرہ نہیں ہونا چاہئے بلکہ اسے عملی ادارہ جاتی تعاون کی شکل دینا ہوگا۔ مشترکہ دفاعی صنعت، باہمی تجارت، مشترکہ تحقیقی منصوبے، توانائی کے منصوبے، تعلیمی وسائنسی تعاون اور بحرانوں میں باہمی امداد وہ بنیادیں ہیں جن پر مسلم دنیا اپنے مستقبل کی مضبوط عمارت تعمیر کرسکتی ہے۔ اگر مسلم ممالک اپنے وسائل ایک دوسرے کی ترقی اور تحفظ کے لئے بروئے کار لائیں تو انہیں کسی بیرونی طاقت کے سہارے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ اسلامی دنیا آج ایک ایسے موڑ پر کھڑی ہے جہاں انتشار اسے مزید کمزور کرسکتا ہے جبکہ اتحادِ امت ایک باوقار اور مؤثر عالمی قوت کے قالب میں ڈھلنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔

نیپال میں سیلاب، وزیراعظم کا اظہار افسوس!



ملکہ کوھسار
امتیاز احمد عباسی
Sheharnama@gmail.com

نیپال میں مٹی کے تودے گرنے کے واقعات میں ایک ہزار سے زائد افراد لاپتہ اور پانچ سو سے زائد افراد کی ہلاکتوں کی تصدیق کی جاچکی ہے۔ صرف نیپالی ضلع راسووا میں سیلابی ریلے سے ہلاکتوں کی تعداد 350 سے متجاوز ہے جبکہ یہاں بھی سینکڑوں افراد کی تلاش جاری ہے۔ نیپالی سیاحتی بورڈ کے مطابق لاپتہ افراد میں 33 ممالک کے پانچ سو سے زائد غیرملکی شہری بھی شامل ہیں جن میں 178 بھارتی، 56 امریکی، 53 یوکرینی، 55 ملائیشین، 35 آسٹریلوی، 33 برطانوی، 25 کینیڈین اور 9 جنوبی کوریائی شہریوں کے علاوہ دیگر ممالک کے باشندے شامل ہیں۔ چین کے سرکاری میڈیا کے مطابق تبت کے علاقے گیرونگ میں مٹی اور چٹانوں کے تودے گرنے سے 260 غیر ملکیوں سمیت پانچ سو سے زائد افراد لاپتہ ہیں جبکہ تین افراد کی ہلاکت کی تصدیق ہوچکی ہے۔ سیلاب اور مٹی کے ریلوں سے سرحدی علاقوں میں گھروں، سڑکوں، پلوں اور بجلی کے منصوبوں کو شدید نقصان پہنچا ہے جس کے پیش نظر بھارت میں بھی سیلاب کا الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو ٹیمیں نیپال۔تبت سرحد کے ساتھ کیچڑ اور ملبے کی تہوں تلے دبے لوگوں کی تلاش جاری رکھے ہوئے ہیں۔ نیپال کے وزیراعظم بالیندر شاہ نے جمعرات کو چند شدید متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور قوم سے متحد ہونے کی اپیل کے علاوہ مقامی حکام کو بے گھر خاندانوں کو فوری مدد فراہم کرنے کی ہدایت دی۔ نیپال کے متعلقہ حکام نے آئندہ دنوں میں مزید بارشوں کی توقع کے ساتھ عوام کو متنبہ کیا ہے کہ خطرہ ابھی ختم نہیں ہوا۔ چین کے صدر شی جن پنگ کی صدارت میں ہونے والے اجلاس میں حکام کو لاپتہ افراد کی تلاش اور بچاؤ کے منصوبے سائنسی بنیادوں پر تیار کرنے کے علاوہ چین اور دیگر ممالک کے لاپتہ شہریوں کی تلاش کے لئے ہر ممکن کوشش کئے جانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں بچاؤ کے کام کو انتہائی مشکل قرار دیتے ہوئے گلیشیر جھیلوں، لینڈ سلائیڈنگ کے خطرات اور رکاوٹ والی جھیلوں کی مضبوط نگرانی کے علاوہ نیپال کے متاثرہ علاقوں کو ہنگامی امداد اور بین الاقوامی آفات میں قریبی تعاون کا مطالبہ کیا گیا۔ نیپال اور چین نے ہمالیائی سرحدی علاقے میں دو جھیلوں کے پھٹنے کی وارننگ بھی جاری کی ہے جس کے نتیجے میں اضافی سیلابی خطرات لاحق ہیں۔ حکام نے دریا کنارے مقیم لوگوں، سیاحوں اور امدادی کارکنوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ نیپال کی قومی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے خبردار کیا ہے کہ دریا کا راستہ سیلابی ملبے سے بند ہونے کے باعث ایک جھیل میں پانی کی سطح تیزی سے بڑھ رہی ہے اور بند کے ٹوٹنے کا واضح خدشہ موجود ہے۔ حکام نے مقامی رہائشیوں، سیاحوں اور امدادی ٹیموں کو دریا کے کنارے سے دور بلند علاقوں تک منتقل ہونے کی ہدایت کردی ہے۔ چین نے بھی باقاعدہ انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ تین روز کے دوران تقریباً 30 لاکھ مکعب میٹر پانی سرحدی علاقے میں قائم ایک جھیل میں داخل ہوسکتا ہے جس سے اس کے پھٹنے کا خطرہ بڑھ جائے گا۔ وزیراعظم پاکستان نے بھی اس سانحہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اپنا پیغام جاری کیا۔ نیپال میں گلیشیر ٹوٹنے اور اُس کے نتیجے میں آنے والے اِس سیلاب نے پوری دنیا کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا ہے، دنیا نے اپنی آنکھوں سے موسمیاتی تبدیلیوں کا ہولناک نتیجہ دیکھا، یہ آفت اتنی اچانک اور تیز تھی کہ پلک جھپکتے ہی آبادیوں کی آبادیاں ملیا میٹ ہوگئیں۔ ملبے تلے سینکڑوں افراد دفن ہیں۔ ایمرجنسی ورکر، فوجی اور مقامی رضا کار مشکل حالات میں بچ جانے والوں کی تلاش اور اُن گاؤں سے لاشیں برآمد کرنے میں مصروف ہیں جو پانی، برف اور پتھروں کے اِس اچانک سیلاب میں بہہ گئے۔ مٹی کے نیچے دبے متاثرین کی تلاش کے لئے تربیت یافتہ کتوں سے بھی مدد لی جا رہی ہے۔ خطرات کے بادل چین اور نیپال کے سرحدی علاقوں میں تاحال منڈلا رہے ہیں، ماہرین کے نزدیک پہاڑوں پر لینڈ سلائیڈز اور ملبے سے وجود میں آنے والی نئی جھیلیں کسی بھی وقت پھٹ کر مزید تباہی کا باعث بن سکتی ہیں جبکہ پہاڑوں میں اِن جھیلوں پر فوری بند باندھنا بھی ممکن نہیں ہے۔ امریکی جیولوجیکل سروے کے مطابق اِس آفت کی وجہ گلیشیر کولیپس (گلیشیر کا ٹوٹنا) تھی جس نے پہاڑی وادیوں پر منجمد ملبے اور پانی کا بڑا بہاؤ چھوڑ دیا۔ ماہرین نے اِسے "اندرونی سونامی" سے تشبیہ دی ہے جس میں کیچڑ اور برف کی دیوار تقریباً 170 کلومیٹر جنوب میں نیپال تک پہنچی۔ ابتداء میں اِسے کسی زلزلے کا نتیجہ سمجھا گیا کیونکہ حادثے کے وقت زمین میں زلزلہ نما لہریں پیدا ہوئیں جو سیٹیلائٹ اور سیسمک سگنلز میں ریکارڈ ہوئیں تاہم نئی سیٹلائٹ تصاویر اور تجزیاتی رپورٹوں نے اصل حقیقت کھول کر رکھ دی کہ یہ کوئی زلزلہ نہیں بلکہ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث گلیشیر پھٹنے کا واقعہ تھا جس میں برف، مٹی اور پتھر کا ہولناک ملبہ تیز رفتاری سے پہاڑوں سے نیچے گرتا چلا گیا اور انسانی بستیوں کو ساتھ بہاتا لے گیا۔ نیپال جنوبی ایشیاء میں واقع ہے، اِس کے شمال میں چین (تبت) اور جنوب مشرق اور مغرب میں بھارت واقع ہے۔ پاکستان اور نیپال کے پہاڑ ایک ہی بڑے پہاڑی سلسلے یعنی ہمالیہ کا حصہ ہیں۔ ہمالیہ ایک قوس کی صورت میں مغرب میں پاکستان سے شروع ہوکر بھارت، نیپال اور بھوٹان سے ہوتا ہوا مشرق تک پھیلا ہوا ہے۔ نیپال کا یہ سیلاب واضح کرتا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث جنوبی ایشیاء کس قدر سنگین بحران کا شکار ہو سکتا ہے کیونکہ وقت کے ساتھ عالمی حدت میں تیزی اضافہ ہو رہا ہے اور اِس کے اثرات اِس خطے میں نمودار ہونا شروع ہو چکے ہیں۔ پاکستان کی وزارتِ موسمیاتی تبدیلی کے مطابق ملک میں مجموعی طور پر کم وبیش 13 ہزار سے زائد گلیشیر موجود ہیں، قطبین کے باہر پاکستان دنیا کا وہ واحد ملک ہے جہاں سب سے زیادہ گلیشیائی برف پائی جاتی

بلدیاتی ادراوں کی ضرورت اور اہمیت!

کڑوا سچ
عبدالغفور چودھری
aqchaudhry@hotmail.com

کسی بھی ملک میں بلدیاتی ادارے جمہوریت کی ریڑھ کی ہڈی ہوتے ہیں۔ مہذب دنیا اپنے بلدیاتی اداروں پر بہت زیادہ انحصار کرتی ہے۔ اس کی وجہ کہ بلدیاتی ادارے ہی ایسا فورم ہوتے ہیں جو عوام الناس کو سروسز مہیا کر کے ان کی زندگیوں کو آسان بنانے کا سامان مہیا کرتے ہیں۔ انھیں جمہوریت کی نرسری بھی کہا جاتا ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ تمام ترقی یافتہ ممالک کے معروف لیڈروں نے اپنی سیاست کا آغاز بلدیاتی اداروں سے کیا اور پھر اعلیٰ سطحی انتخابات جیت کر کامیاب حکمران اور لیڈر ثابت ہوئے۔ لیکن ہمارے ہاں اس حوالے سے دستور نرالے ہی رہے ہیں۔ ہر حکمران نے اپنی مرضی کا بلدیاتی نظام نافذ کیا اور پھر خود ہی اسے لپیٹ دیا، کیوں کہ بلدیاتی نظام میں اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرنے پڑتے ہیں لیکن ہمارے حکمران: "سیاسی، غیر سیاسی اور بیوروکریٹس"، ہمیشہ سے ارتکاز اختیارات کے شوقین رہے ہیں۔ جس کی وجہ سے ہمارے ملک میں جمہوری نرسری تیار نہ ہوسکی۔ وہی چند خاندان سیاسی پارٹیاں بدل بدل کر اقتدار کے مزے لوٹتے رہے۔ اور وہ ملک کی معیشت، سیاست، معاشرت اور آئین وقوانین کے ساتھ کھیلتے رہے۔ اب چوں کہ ہمارے وزیر داخلہ کے بقول ہمارا سسٹم Collapse ہو چکا ہے۔ اس لیے ملک کے کونے کونے سے نئے نظام کے خدوخال کے حوالے مختلف آوازیں اٹھ رہی ہیں۔ ان میں ایک ضروری عنوان بلدیاتی نظام کا بھی ہے۔ قارئین کو یاد ہو گا کہ ہم نے چند ماہ قبل "پاکستان میں گڈ گورننس" کیسے ممکن ہے کی ضمن میں بہت سے کالم لکھے تھے۔ ان میں سے ایک کالم کا عنوان تھا: "پاکستان میں گڈ گورننس اور بلدیاتی نظام"۔ یہ کالم روزنامہ "پاکستان، لاہور" میں مورخہ 27۔ دسمبر 2025 کو شائع ہوا۔ جو میری تصنیف: "کڑوا سچ (جلد اول) کے صفحہ نمبر 229 پر بھی موجود ہے۔

ہم نے بلدیاتی اداروں کی ضرورت واہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے تحریر کیا تھا: "اگر ہمارے ملک میں بلدیاتی اداروں کو فعال کر دیا جاتا ہے تو ہمارے خیال میں ایسا کرنے سے اقتدار میں عوامی شرکت، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی، مقامی مسائل کا فوری حل، شفافیت اور احتساب، ترقیاتی منصوبوں میں بہتری، وسائل کا درست استعمال، علاقائی عدم مساوات میں کمی، سیاسی قیادت کی نرسری، بیوروکریسی پر عوامی نگرانی اور امن وامان میں بہتری جیسے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ لیکن یہاں ہر حکومت کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ بلدیاتی اداروں کو گھر بھیج کر ایڈمنسٹریٹر مقرر کرے اور ان سے اپنی مرضی سے کام نکلوائے۔ موجودہ پوزیشن یہ ہے بلدیاتی اداروں کی جگہ کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر محکموں کے افسروں کو ایڈمنسٹریٹرز مقرر کیا گیا ہے۔ ایسا کرنے کی وجہ یہ ہے کہ سرکاری ملازمین سے کام نکلوانا منتخب عوامی نمائندوں کی نسبت بہت آسان ہوتا ہے۔ دوسری طرف ترقیاتی فنڈز بلدیاتی نمائندوں کی عدم موجودگی میں ایم پی ایز، ایم این ایز اور سینیٹرز کو دیے جا رہے ہیں۔ جب کہ ان کا کام صرف اور صرف قانون سازی ہے۔ یہ ایک سیاسی رشوت ہے جس سے کمیشن مافیا مضبوط ہوتا ہے۔ اور ہر متعلقہ شخص بہتی گنگا میں ہاتھ دھوتا ہے"۔ پھر ہم نے ملک میں گڈ گورننس کا نظریہ کامیاب بنانے کے لیے حکومت وقت کو تجاویز دیتے ہوئے یہ عرض کی تھی: "معزز قارئین! اگر ہمارے ارباب اختیار چاہتے ہیں کہ ہمارے ملک میں "گڈ گورننس" کا دور دورہ ہو تو ہمارے خیال میں ایک آئینی ترمیم کے ذریعے بلدیاتی اداروں کو وفاقی معاملہ قرار دے دیا جائے۔ قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی طرح ان کی مدت میعاد مقرر کر کے باقاعدگی سے انتخابات کروائے جائیں۔ ان اداروں کو مالی خود مختاری دیتے ہوئے لوکل ٹیکسز لگانے اور جمع کرنے کا اختیار دیا جائے۔ ان کے انتخابات جماعتی بنیادوں پر کروا کر منتخب نمائندوں کو فیصلہ سازی کا اختیار دیا جائے۔ بلدیاتی نمائندے چوں کہ جمہوریت کی نرسری ہوتے ہیں اس لیے ان کی صلاحیت سازی کے لیے جدید خطوط پر تربیت کا اہتمام کیا جائے۔ ایم پی ایز، ایم این ایز اور سینیٹرز کو ترقیاتی فنڈز نہ جاری کیے جائیں۔ مرکز اور صوبوں سے تمام فنڈز کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کے ایس ڈی ایز میں جاری کیے جائیں۔ کام کے معیار اور مقدار پر کڑی نگرانی کیلئے ڈویژنز میں ڈائریکٹرز (ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس) اور اضلاع میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز (فنانس اینڈ پلاننگ) کے دفاتر میں انجینئرنگ کے عملہ کی تعداد میں اضافہ کیا جائے۔ کام کے معیار اور مقدار میں کسی گڑ بڑ کی صورت میں ان افسروں کو بھی انجینئرز کی طرح ذمہ دار ٹھہرایا جائے۔ ترقیاتی کاموں کے بارے میں یہ شکایات عام ہوتی ہیں کہ ان کے کاموں کا معیار اور مقدار ٹھیک نہیں ہوتی۔ اس لیے تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنے والے ٹھیکیداروں کو اس وقت تک ادائیگی نہ کی جائے جب تک کہ ڈویژنل ڈائریکٹر (ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس) اور ضلع کا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) ان ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور مقدار کے درست ہونے کا ذاتی طور پر سرٹیفکیٹ نہ جاری کر دیں۔ اس طرح جب جوابدہی کا عمل وسیع ہوگا تو ترقیاتی کاموں کے معیار اور مقدار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا"۔ جب مذکورہ بالا کالم لکھا گیا تھا اس وقت ہر ضلع میں تین ایڈیشنل کمشنرز تھے اس لیے ہم نے لکھا تھا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) کے دفاتر میں انجینئرنگ کے عملے کی تعداد میں اضافہ کیا جائے۔ لیکن اب چونکہ حکومت پنجاب نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) کو نیا نام دیتے ہوئے اسے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ڈیویلپمنٹ اینڈ فنانس) اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (میونسپل سروسز) کر دیا گیا ہے۔ جس کا مقصد بلدیاتی اداروں پر مؤثر نگرانی قائم کرنا ہے۔ جب انتظامی افسر ڈیویلپمنٹ ورک اور میونسپل سروسز کی نگرانی کریں گے تو بلدیاتی اداروں پر چیک اینڈ بیلنس کا نظام مضبوط ہوجائے گا۔ جس سے ان کی کارکردگی میں یقینی طور پر بہتری آئے گی۔ ترقیاتی کاموں اور عوامی سہولتوں کے معیار بھی بہتری کی طرف گامزن ہو جائیں گے۔ جواب دہی کے تصور کے باعث کرپشن میں بھی کمی کے امکانات ہیں بشرطیکہ انتظامی افسر بھی کمیشن میں اپنا حصہ نہ مانگنا شروع کر دیں۔ ارباب اختیار کو اس طرف بھی خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ کمیشن میں حصہ دار زیادہ ہو جائیں۔ سرکاری فنڈز کی بندر بانٹ پہلے سے بھی زیادہ ہو جائے، اور مل بیٹھ کر کھانے کا اصول یہاں بھی کارفرما ہوجائے۔

فرمودات قائد



مجھے یقین کامل ہے کہ آپ اپنے رویے اور طرز عمل سے پاکستان کو کبھی نیچا نہیں ہونے دینگے' بلکہ خدمت کی بہترین روایات کو قائم رکھیں گے اور دنیا کی عظیم اقوام میں سے ایک کی حیثیت سے پاکستان کی عزت اور وقار کو سربلند وسرفراز کرینگے۔
(بحریہ پاکستان سے خطاب 23 جنوری 1948ء)

لوڈشیڈنگ میں نیند کی تلاش

ان کہی
نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

ایک عرصے بعد رات کی لوڈشیڈنگ کا دور لوٹ آیا ہے۔ ایک ایسے ہی گزرے دور میں جب عین اُس وقت سخت گرمی میں بجلی بند ہوتی اور پسینے میں شرابور ہوکر آنکھ کھل جاتی تو جتنی بددعائیں نظام کے پردھان منتریوں کے نام نکلتی تھیں، اُن کی گونج اب پھر سنائی دینے لگی ہے۔ اس زمانے میں ایک کالم لکھا تھا جس میں یہ جملہ بھی شامل تھا، ظالمو اور کچھ نہیں دے سکتے تو کم ازکم سکون کی نیند تو نہ چھینو، آج کل اس جملے کی ضرورت پھر پڑ گئی ہے۔ سب سے زیادہ ہمارے لاہوری دوست دہائی دے رہے ہیں کیونکہ وہاں رات کی لوڈشیڈنگ کچھ زیادہ ہی ہو رہی ہے۔ مجھے لاہور سے ایک دوست کا فون آیا، رات گئے آنے والے اس فون پر میں حیران تھا۔ موبائل رات قریب ہی پڑا ہوتا ہے اور گھنٹی بند کر کے وائبریشن آن رکھتا ہوں۔ دوست بے تکلف ہے اس لئے فون اٹھالیا۔ "نسیم تو جاگ رہا ہے؟" میں نے کہا جاگ تو نہیں رہا تھا بس تو نے جگا دیا ہے۔ کہنے لگا کیا مطلب تمہارے ہاں رات کی لوڈشیڈنگ نہیں ہوتی۔ میں نے کہا ہوتی ہے، یو پی ایس سے گذارا ہوجاتا ہے، کہنے لگا یار یہاں لاہور میں تو رات کئی بار لوڈشیڈنگ ہوتی ہے اور نیند کا ستیاناس ہوجاتا ہے۔ میں نے کہا تم خود ہی تو کہتے تھے، نیند تو سولی پر بھی آجاتی ہے، پھر بجلی بلکہ اے سی کے بغیر کیوں نہیں آتی؟ تھوڑا سا غصے میں آکر کہنے لگا تم مذاق سمجھ رہے ہو، میں واقعی بہت پریشان ہوں۔ بچے بھی جاگے ہوئے ہیں صبح سکول کالج جاتے ہیں تو اونگھ رہے ہوتے ہیں۔ اس پر ایک کالم لکھو، لیسکو والوں کو غیرت دلاؤ۔ وہ اپنی بھڑاس نکال کر چلے گئے۔ کالونی کے واٹس اپ گروپ میں دیکھا تو ہر شخص یہی پوچھ رہا تھا، بجلی کب آئے گی؟ میں نے سوچا شکر ہے ہماں یاراں دوزخ والا معاملہ ہے۔ سبھی جاگ رہے ہیں اور رات کے دو بجے بھی مچھر مار کر وقت کاٹ رہے ہیں، میں سوچتا رہا کہ پوری قوم کی راتوں کو بے چین کر کے اِس ملک کے حکمران چین کی نیند کیسے سو جاتے ہیں اب ظاہر ہے وزیراعظم ہاؤس، پارلیمنٹ لاجز، وزرائے اعلیٰ کی رہائش گاہوں، گورنر ہاؤسوں میں تو بجلی نہیں جاتی، ان کے ٹھنڈے ٹھار کمروں میں تو راوی چین ہی چین لکھتا ہے، کی تفسیر پڑھتے مزے سے نیند کی آغوش میں جاتے ہوں، پھر انہوں نے بل دینے ہیں اور نہ بجلی کی ٹرپنگ ہوتی ہے، انہیں کیا پتہ خلق خدا کی بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے راتیں عذاب اور نیندیں خراب کر دی ہیں۔ انہیں چڑچڑے اور نفسیاتی مریض بنا دیا ہے۔ ایک نیند ہی کا تو مزا ہوتا ہے سفید پوشی کے پاس، وہ مزا بھی چھین رہے ہو، کتنے بے حس ہو۔ ڈاکٹر ذوالفقار علی رانا ایک سرکاری ہسپتال میں ایچ او ڈی ہیں۔ واک بھی ریگولر کرتے ہیں اور صبح ہسپتال جا کر انہیں بائیومیٹرک حاضری بھی لگانا ہوتی ہے، رات کو ہونیوالی لوڈشیڈنگ کے باعث اُن کی نیند پوری نہیں ہوتی۔ مارننگ واک سے بھی غیر حاضر ہو جاتے ہیں، کیونکہ دن بھر مریضوں کو دیکھنے میں انہیں اونگھنے کا بھی موقع نہیں ملتا۔ انہوں نے کہا رات کی لوڈشیڈنگ کا فیصلہ کرنیوالے اس طبی حقیقت سے غالباً آگاہ نہیں کہ انسان کو آٹھ گھنٹے نیند کی کتنی ضرورت ہوتی ہے، آٹھ گھنٹے کی نیند نہ ملے تو انسان کا اعصابی نظام اور جسمانی توازن بگڑ جاتا ہے۔ اُس کی نفسیات پر انتہائی منفی اثرات پڑتے ہیں، رات دس بجے تک جتنی چاہے لوڈشیڈنگ کرلیں مگر اُس کے بعد صبح چھ بجے تک بلاتعطل بجلی کی فراہمی ہونی چاہئے تاکہ آٹھ گھنٹے کی نیند میں تعطل نہ آئے۔ میں نے کہا ڈاکٹر صاحب جو یہ فیصلے کرتے ہیں انہیں اس بات سے کوئی غرض نہیں کہ عوام بیمار ہوتے ہیں یا نفسیاتی امراض کا شکار ہوجاتے ہیں، انہیں تو بس اپنی ناکام پالیسیوں پر پردہ ڈالنے کیلئے ایسے فیصلے کرنے ہیں جوان کی نااہلی کو چھپائے رکھیں۔ یہ وہ ملک ہے جو کپیسٹی چارجز کے نام پر بجلی خریدے بغیر نجی کمپنیوں کو اربوں روپے کی ادائیگی کرتا ہے، ہے ناں عجیب بات ایک طرف آپ بجلی لئے بغیر ادائیگی کر رہے ہیں، دوسری طرف عوام کو بھاری بلوں کے باوجود بجلی نہیں دے رہے۔ یہ گورکھ دھندہ آخر ہے کیا۔ ضرور اس کے پیچھے بھی کسی نہ کسی کا مفاد موجود ہے وگرنہ کیا ضرورت ہے رات کے وقت لوڈشیڈنگ کر کے عوام کے سامنے منہ کالا کرنے کی۔ لوگ حیران ہیں کہ دن کے وقت لوڈشیڈنگ کیوں نہیں کی جارہی، سارا زور رات کی لوڈشیڈنگ پر کیوں ہے؟ اس پر واپڈا کے ایک سینئر افسر نے رائے دی کہ دن میں سولر سے پیدا ہونے والی بجلی بڑی مقدار میں دستیاب ہوتی ہے اسلئے پاور ڈویژن اسے استعمال کرنے پر زور دیتا ہے۔ اس سے بجلی بنانے پر لاگت کم کرنے میں مدد ملتی ہے، رات کو چونکہ سولر صارفین بھی پاور ڈویژن کی دی گئی، اپنی بجلی استعمال کرتے ہیں اس لئے ڈیمانڈ بہت بڑھ جاتی ہے جسے کم کرنے کیلئے لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے پاور ڈویژن نے بجلی بنانے کی اپنی استعداد انتہائی محدود کی ہوئی ہے اور ایسے بچت پروگرام پر عمل پیرا ہے، جس نے عوام کا سکھ چین چھین لیا ہے۔ اب ذرا اس نکتے پر بھی غور کریں کہ حکومت عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم ہونے کے باوجود انتہائی مہنگا تیل بیچ رہی ہے۔ عوام کی چیخیں نکل رہی ہیں مگر حکومت کو اس کی کوئی پرواہ نہیں، کیونکہ اپنا خسارہ پورا کرنے کیلئے حکومت نے یہ اچھا راستہ ڈھونڈ لیا ہے۔ اب لگتا ہے اس قسم کی پالیسی بجلی کی مد میں بھی اختیار کر لی گئی ہے۔ ارے بابا بناڈالیں پالیسیاں، کروا اپنی مرضیاں مگر ہماری نیندیں تو خراب نہ کرو، راتیں تو سکون سے گزارنے دو، سکھ چین کی اب کوئی خیر تو آئی ہی نہیں، بری خبروں میں گھرے ہوئے معاشرے کو اگر نیند بھی سکون سے نہیں ملے گی تو اسکے اندر قوتِ برداشت، صبر وسکون اور اعتدال واحترام کیسے پیدا ہوگا، وزیراعظم شہباز شریف بلکہ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو رات کی لوڈشیڈنگ کا نوٹس لینا چاہئے اور اس کے فی الفور خاتمے کا حکم جاری کرنا چاہئے، کیونکہ نیند نہ پوری ہونے سے بچے اور بڑے ذہنی مریض بنتے جا رہے ہیں، جو درحقیقت ایک بہت بڑا نفسیاتی بحران پیدا کرسکتے ہیں۔

شہرنامہ SHEHAR NAMA

فن وثقافت

مریم نفیس خواتین، بچیوں کے ساتھ زیادتی اور قتل کے واقعات پر رو پڑیں

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکارہ مریم نفیس خواتین اور کم عمر بچیوں کے ساتھ ہونے والی زیادتی اور قتل کے واقعات پر آبدیدہ ہوگئیں۔ مریم نفیس نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر ایک جذباتی ویڈیو شیئر کی جس میں انہیں روتے دیکھا گیا۔ مریم نفیس نے معاشرے میں خواتین اور کم عمر بچیوں کے ساتھ ہونے والی زیادتی اور قتل کے واقعات پر دکھ کا اظہار کیا۔ اداکارہ نے کہا کہ 5 سالہ بچی کا گینگ ریپ ہوا اسے قتل کر کے کنویں میں پھینک دیا گیا، بچہ خانے کے باہر ایک نومولود بچی پولیس کو ملی، اس سے پہلے ہیش ٹیگ چلا حنا، جسے اس کے شوہر نے بے دردی سے قتل کردیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس نے ایک 20 سالہ لڑکی کے ساتھ زیادتی کی اور 18 ماہ کی ایزل کے ساتھ بھی ریپ ہوا، ہم کیا کریں کوئی کچھ کر رہا ہے؟

شیلین ووڈلی کو'اسپائیڈر مین' فلم سے نکال دیا گیا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) ہالی ووڈ اداکارہ شیلین ووڈلی نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے 2014 کی فلم 'دی امیزنگ اسپائیڈر مین 2' میں میری جین واٹسن کا کردار ادا کیا تھا مگر ان کے تمام مناظر فلم کی ریلیز سے قبل حذف کر دیے گئے تھے۔ حال ہی میں ایک گفتگو کے دوران اداکارہ نے بتایا کہ اسپائیڈر مین ان کا پسندیدہ سپر ہیرو جبکہ میری جین بچپن سے ان کا پسندیدہ کردار تھا، اس لیے اس کردار کیلئے منتخب ہونے پر وہ بے حد خوش تھیں۔ شیلین ووڈلی کے مطابق انہوں نے اینڈریو گارفیلڈ کے ساتھ تقریباً تین مناظر بھی فلمائے مگر تقریباً ایک سال بعد انہیں فون کر کے بتایا گیا کہ وہ اب فلم کا حصہ نہیں رہیں گی۔ اداکارہ نے بتایا کہ انہیں دی گئی وضاحت کے مطابق فلم میں پہلے ہی کئی نئے کردار متعارف کرائے جا رہے تھے، اس لیے فلم ساز پہلے ایما اسٹون کے کردار گوین اسٹیسی اور اینڈریو گارفیلڈ کے پیٹر پارکر کی کہانی کا انجام دکھانا چاہتے تھے اور میری جین کو بعد کی فلم میں متعارف کرانے کا منصوبہ تھا۔ بعد میں اینڈریو گارفیلڈ کی امیزنگ اسپائیڈر مین سیریز کی تیسری فلم ہی نہ بن سکی، جس کے باعث شیلین ووڈلی کو میری جین کے کردار میں دوبارہ متعارف کرانے کا منصوبہ بھی پایۂ تکمیل تک نہ پہنچ سکا۔ اس واقعے کو یاد کرتے ہوئے شیلین ووڈلی نے مزاحیہ انداز میں کہا کہ شاید حقیقت کچھ اور بھی ہوسکتی ہے اور ممکن ہے ان کی اداکاری ہی اتنی خراب رہی ہو کہ فلم سازوں نے انہیں فلم سے نکالنے کا فیصلہ کیا ہو۔

نادیہ خان کے شوہر فیصل راؤ کا حیران کن ویٹ لاس

کراچی (بیورو رپورٹ) معروف پاکستانی میزبان واداکارہ نادیہ خان کے شوہر فیصل راؤ نے نمایاں طور پر وزن کم کر کے اپنی شخصیت میں بڑی تبدیلی لائی ہے جس کے بعد ان کا نیا روپ سوشل میڈیا پر بھی توجہ حاصل کر رہا ہے سابق ایئر فورس افسر فیصل راؤ حال ہی میں نادیہ خان کے ہمراہ پروگرام کیا ڈرامہ ہے کے سیٹ پر نظر آئے جہاں انہوں نے اپنی ویٹ لاس جرنی اور ڈائٹ روٹین کے بارے میں بھی بتایا۔ فیصل راؤ کے مطابق انہوں نے اپنی کھانے پینے کی عادات میں نمایاں تبدیلی کرتے ہوئے ون میل اے ڈے روٹین اپنائی جس میں دن بھر میں صرف ایک وقت کھانا کھایا جاتا ہے۔ وزن میں نمایاں کمی کے بعد اب وہ اپنی نئی جسمانی ساخت کو برقرار رکھنے پر توجہ دے رہے ہیں اور اس کیلئے نظم وضبط کے ساتھ اپنی روٹین جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ دراصل انٹرمیٹنٹ فاسٹنگ کی ایک محدود قسم ہے جس میں روزانہ کی خوراک ایک ہی وقت میں لی جاتی ہے اور باقی وقت کھانے سے پرہیز کیا جاتا ہے۔ اس قسم کی ڈائٹ ہر شخص کیلئے موزوں نہیں ہوتی اور اس کے اثرات بھی ہر فرد پر مختلف ہو سکتے ہیں، اس لیے وزن کم کرنے کیلئے انتہائی محدود ڈائٹ اپنانے سے قبل ڈاکٹر یا مستند غذائی ماہر سے مشورہ کرنا بہتر ہے۔ فیصل راؤ کی نمایاں تبدیلی سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا پر بھی مختلف ردعمل دیکھنے کو ملے۔ بعض صارفین نے ان کی وزن کم کرنے کی کوشش کو سراہا جبکہ کچھ نے ان کے نئے روپ کا موازنہ بالی ووڈ فلمساز کرن جوہر سے کیا۔ بعض صارفین نے ان کی وزن کم کرنے کی کوشش کو سراہا جبکہ کچھ نے ان کے نئے روپ کا موازنہ بالی ووڈ فلمساز کرن جوہر

نورا فتیحی کروڑوں روپے ڈکار گئی، جیل میں قید ملزم کی دھمکیاں

نئی دہلی (ویب ڈیسک) 200 کروڑ روپے کے مبینہ منی لانڈرنگ کیس میں جیل میں قید بھارتی ملزم سکیش چندر شیکھر کا اداکارہ وڈانسر نورا فتحی کے نام ہاتھ سے لکھا گیا خط سامنے آگیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ خط نورا فتحی کے حالیہ بیان کے بعد سامنے آیا، جس میں اداکارہ نے اپنا نام سکیش چندر شیکھر کے ساتھ جوڑے جانے پر جذباتی صدمے کا اظہار کیا تھا۔ سکیش چندر شیکھر نے خط میں دعویٰ کیا کہ نورا فتحی اس کی طاقت، اثر ورسوخ اور تعلقات سے بخوبی واقف تھیں اور انہوں نے مراکش میں گھر خریدنے کے لیے اس سے کروڑوں روپے لیے تھے۔ خط میں مزید الزام عائد کیا گیا کہ نورا فتحی نے اس سے متعدد مہنگے اور قیمتی تحائف بھی طلب کیے۔ سکیش نے دعویٰ کیا کہ نورا فتحی اداکارہ جیکولین فرنینڈس کے ساتھ اس کے تعلقات پر حسد کرتی تھیں۔ سکیش چندر شیکھر کے مطابق نورا فتحی اسے روزانہ فون کرتی تھیں اور جیکولین فرنینڈس سے تعلق ختم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے تمام اخراجات اٹھانے کا مطالبہ کرتی تھیں۔

بقیہ نمبر 1

ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن نوجوانوں کو مفت اور معیاری فنی و ڈیجیٹل تعلیم کی فراہمی کے ذریعے انہیں اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے کوشاں ہے۔انہوں نے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کے وژن کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہیں اور ان کی تعلیم، تربیت اور فنی صلاحیتوں میں اضافہ ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ بنو قابل پروگرام کا مقصد نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کے شعبے میں باصلاحیت بنانا اور انہیں روزگار کے نئے مواقع فراہم کرنا ہے۔کیمپس کوآرڈینیٹر انیل یونس نے بتایا کہ بنو قابل پروگرام کے پہلے بیچ میں 201 طلبہ و طالبات کامیابی سے اپنا کورس مکمل کرکے پاس آؤٹ ہوئے، جبکہ دوسرے بیچ کے لیے 300 طلبہ وطالبات نے رجسٹریشن کرائی ہے۔انہوں نے کہا کہ پروگرام میں نوجوانوں کو جدید اور مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق مختلف ڈیجیٹل وفنی شعبوں میں تربیت فراہم کی جارہی ہے۔تقریب کے اختتام پر طلبہ وطالبات نے بنو قابل پروگرام کو نوجوانوں کے لیے ایک بہترین موقع قرار دیتے ہوئے الخدمت فاؤنڈیشن کی کاوشوں کو سراہا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ حاصل ہونے والی فنی مہارتوں کو بروئے کار لا کر نہ صرف اپنے لیے روزگار کے مواقع پیدا کریں گے بلکہ ملکی ترقی میں بھی اپنا کردار ادا کریں گے

بقیہ نمبر 2

مختلف بور کے پانچ پستول معہ ایمونیشن برآمد ہوئے۔ پولیس نے تمام ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کے مطابق غیر قانونی اسلحہ اسلحے کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر بنائی جارہی ہیں جبکہ اشتہاری اور عدالتی مفرور ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی مہم بھی جاری ہے۔پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ تھانے یا پکار15 پر دیں۔

بقیہ نمبر 3

کہ عالمی سطح پر بدلتے حالات، سیاسی تبدیلیوں اور معاشی اتار چڑھاؤ کے باوجود پاک چین دوستی انتہائی مضبوط ہے، بین الاقوامی تعلقات مفادات سے جڑے ہیں ۔ پاکستان ایسوسی ایشن آف ایگزبیشن انڈسٹری اور ہینان سیساس ہیومن ریسورسز کمپنی لمیٹڈ کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت پر بھی دستخط کئے گئے۔مفاہمتی یادداشت میں تجارتی اور اقتصادی تعاون کو بڑھانے کا اعادہ کیا گیا۔ معاہدے کا مقصد نمائشوں، بزنس ٹو بزنس کانفرنسز، اور بزنس سے متعلقہ تقریبات کا انعقاد کرکے کاروباری برادری کو ایک دوسرے کے ساتھ سہولت فراہم کرنا ہے۔دونوں تنظیموں کے درمیان اس قابل اعتماد، عملی اور فائدہ مند تعلقات استوار کرنے کی ضرورت کے پیش نظر، دونوں تنظیموں کے کاروباری افراد کے درمیان بڑھتے ہوئے تعاون کے ذریعے دونوں تنظیموں کے درمیان موثر اور خوشگوار تعلقات کا آغاز کرنا تھا۔ فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ فریقین تجارت، کاروباری، دوستانہ پالیسیوں میں بہتری کے بارے میں وفود کے ساتھ برائے راست (B2B) ملاقاتوں کا اہتمام کریں گے اور معلومات کے تبادلے اور تعاون اور پیشکش کے لئے رابطہ کریں گے فریقین ایک دوسرے کی کاروباری برادری کو قومی اور بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کو یقینی بنائینگے۔دونوں رہنماؤں نے اس بات پر بھی اتفاق کی کہ میڈ ان پاکستان نمائش کا چائنا میں انعقاد کیا جائے گا جس کیلئے وہ بھرپور تعاون کرینگے دوسری جانب بانی چیئرمین خورشید برلاس نے بھی میڈ ان چائنا نمائش جوکہ پاکستان میں دونوں کمپنیز کے تعاون سے منعقد کی جائیں تاکہ دونوں ملکوں کی مصنوعات کو متعارف کروانے کا موقع ملے اور تجارتی وسرمایہ کاری کو مزید فروغ دیا جائے ۔ آخر میں پاکستان ایسوسی ایشن آف ایگزبیشن انڈسٹری کی جانب سے بانی چیئرمین خورشید برلاس نے انہیں شیلڈ بھی پیش کی

بقیہ نمبر 4

کیا گیا۔پولیس کے مطابق فائرنگ کے دوران فرار ہونے والے دیگر جرائم پیشہ ملزمان کی گرفتاری کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ نمبر 5

سائیکلوں کو مختلف تھانوں میں منتقل کیا گیا۔آپریشنز زونل ایس پیز کی نگرانی میں کیے گئے۔ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو مؤثر بنانا ہے۔مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔اسلام آباد پولیس کے مطابق جرائم پیشہ عناصر قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار15 پر فوری دیں۔

بقیہ نمبر 6

صوبوں خیبر پختونخوا، پنجاب اور سندھ کے ساتھ اسلام آباد پولیس کو مطلوب تھا۔ہلاک ہونے والے ملزمان میں وقار عرف میجر گینگ کا سرغنہ بھی شامل ہے۔اس کے علاوہ ساحل عرف سعود، اعجاز پہلوان اور حفیظ جیسے مارے گئے جب کہ مفرور دو ملزمان کی تلاش شروع کردی گئی ہے۔سی سی پی او نے بتایا کہ گروپ سرغنہ وقار عرف میجر گینگ گزشتہ تقریبا 15 سال سے منظم جرائم میں سرگرم تھا، گینگ میں افغانستان کے رہائشی گران ولی اور علی عرف شینا بھی شامل تھے۔ملزمان مختلف سنگین مقدمات میں ایک درجن سے زائد مرتبہ گرفتار ہوچکے تھے اور عدالتوں سے ضمانتوں پر رہا ہوتے رہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ وقار عرف میجر گینگ پشاور سے کراچی تک پھیلا ایک منظم نیٹ ورک تھا۔گینگ سکیورٹی فورسز سے مشابہہ لباس، وائرلیس اور جدید اسلحہ استعمال کرتا تھا۔ملزمان وائی فائی جیمرز اور دیگر جدید مواصلاتی آلات بھی استعمال کرتے تھے۔ملزمان خفیہ اداروں کے اہلکار بن کر تلاشی کے بہانے گھروں میں داخل ہوتے تھے، اور وہاں سے نقدی، سونا اور دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوجاتے تھے۔سی سی پی او میاں سعید کے مطابق مذکورہ ڈکیت گینگ نے حیات آباد میں تقریبا 80 لاکھ روپے کی ڈکیتی کی تھی۔اس کے علاوہ ڈی ایچ اے کراچی میں تقریبا 8 کروڑ روپے کی ڈکیتی، راجا بازار راولپنڈی میں تقریبا10 کروڑ روپے کی ڈکیتی اور لاہور میں ڈکیتیوں کی متعدد وارداتوں میں ملوث تھا۔ملزمان درگئی ملاکنڈ میں گاڑی چھیننے کی واردات میں بھی پولیس کو مطلوب تھے۔ جھنگ میں ایم پی اے خالد سرگانہ کے گھر مبینہ ڈکیتی میں بھی یہی گینگ ملوث تھا۔فیصل آباد میں ایک غیر ملکی شہری کے گھر مبینہ ڈکیتی ماری اور سندھ میں رکن صوبائی اسمبلی کے گھر سے 167 تولے سونا لوٹنے میں بھی یہی گینگ ملوث تھا۔

بقیہ نمبر 7

پاکستان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔یوم وفات کے سلسلے میں اخبارات سپیشل ایڈیشن شائع کریں گے جبکہ پی ٹی وی، نجی ٹی وی چینلز اور علاقائی زبانوں کے ٹی وی چینلز بھی یوم وفات قائداعظم کے سلسلے میں خصوصی پروگرام نشر کریں گے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح 25دسمبر 1876ء کو وزیر مینشن کراچی میں پیدا ہوئے آپ ایک عظیم لیڈر تھے جن کی بے باک قیادت میں مسلمانوں نے ایک علیحدہ وطن حاصل کیا آپ پاکستان کے پہلے گورنر جنرل بنے پاکستان میں سرکاری طور پر آپ کو قائداعظم اور بابائے قوم بھی کہا جاتا ہے۔آپ 11 ستمبر 1948ء کو وفات پاگئے۔

بقیہ نمبر 8

کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستانی سفیر نے ازبکستان کے 35ویں یوم آزادی پر نائب وزیراعظم کو مبارکباد دی اور آزادی کے بعد مختلف شعبوں میں ازبکستان کی کامیابیوں کو سراہا۔ اس موقع پر ازبک نائب وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ممالک کے سرکاری اداروں، کاروباری برادری اور چیمبرز کو متحرک کرکے اقتصادی تعاون کی وسیع صلاحیت سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ پاکستانی سفیر محمد مدثر ٹیپو نے یقین دلایا کہ پاکستان مشترکہ اقتصادی اہداف کے حصول کے لئے پرعزم ہے، جبکہ دونوں ممالک نے اقتصادی روابط کے فروغ کے لئے ایک جامع روڈمیپ بھی تیار کررکھا ہے۔

بقیہ نمبر 9

رجسٹریشن بھی حاصل کی، مسافر نے مذکورہ جعلی ایمپلائمنٹ ویزا پر باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پشاور سے بیرونِ ملک سفر کیا۔حکام کے مطابق ایجنٹ نور محمد نے اس کے لیے جعلی ویزا کا انتظام کیا تھا، ایف آئی اے ٹیم نے انتھک کوششوں کے بعد تھانہ لنڈ خوڑ، مردان کی حدود میں چھاپہ مار کارروائی کی اور FIR No 132، 2026/ مورخہ 2026.08.28 میں نامزد ایجنٹ نور محمد کو گرفتار کر لیا۔ایف آئی اے حکام کے مطابق گرفتار ملزم کے خلاف مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 10

پر شرکائے محفل نے درود وسلام کا ورد کرتے ہوئے اپنی محبت وعقیدت کا اظہار کیا۔محفل کا ماحول عشق رسول اور روحانی کیفیت سے معمور رہا۔اس موقع پر علامہ عمر فیض قادری صاحب نے خصوصی خطاب کرتے ہوئے سیرتِ طیبہ، عشقِ رسول باہمی محبت، اخوت اور اسلامی تعلیمات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ حضور اکرم کی سیرتِ مبارکہ پوری انسانیت کے لیے بہترین نمونہ ہے، ہمیں اپنی زندگیوں کو آپ کی تعلیمات کے مطابق ڈھالنے اور معاشرے میں محبت، امن، رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ ان کے فکر انگیز اور ایمان افروز بیان سے شرکائے محفل کے دل منور ہوگئے۔محفل کے اختتام پر علامہ عمر فیض قادری صاحب نے خصوصی دعا کرائی، جس میں ملک وقوم کی سلامتی، استحکام، خوشحالی، امت مسلمہ کی سربلندی اور فلسطین وکشمیر سمیت دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔محفل میلاد کے اختتام پر شرکائے محفل کے لیے خصوصی طور پر خوبصورت اور پرتکلف لنگر کا بھی اہتمام کیا گیا۔شرکا نے محفل کے شاندار انتظامات پر ملک عثمان علی اور محفل ومیلاد کمیٹی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی بابرکت محافل محبتِ رسول کو فروغ دینے اور نئی نسل کو سیرتِ طیبہ سے روشناس کرانے کا بہترین ذریعہ ہیں۔محفل کے موقع پر شرکا نے ملک عثمان علی اور ان کی ٹیم کو گیارہویں سالانہ محفل میلاد کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد پیش کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ عشقِ رسول کے پیغام کو عام کرنے کے لیے ایسی روحانی وبابرکت محافل کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 11

ایرانی فورسز نے آخری مرحلے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھیں اور میزائل و ڈرونز کے ذریعے بھرپور جواب دیا، ایرانی فضائی دفاع نے بھی متعدد دشمن ڈرونز اور جنگی طیاروں سمیت اہم اسٹریٹجک آلات کو نقصان پہنچایا۔ایرانی آرمی چیف نے ملکی دفاعی صلاحیت متاثر ہونے سے متعلق بیرونی دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی مسلح افواج اپنی طاقت اور حوصلے کے ساتھ محاذ پر موجود ہیں اور دشمن ان کی صلاحیتوں سے آگاہ ہے۔

بقیہ نمبر 12

حقوق کی صورتحال پر شدید تحفظات کا اظہار کیا۔خالصتان حامی تنظیم سکھس فار جسٹس کے جنرل کونسل گرپت ونت سنگھ پنوں نے آر ایس ایس اور بی جے پی کی قیادت پر بھارت کو ایک مبینہ ''ہندو راشٹر'' بنانے کا الزام عائد کیا۔گرپت ونت سنگھ پنوں نے 1984 کے گولڈن ٹیمپل آپریشن، 1992 میں بابری مسجد کی شہادت اور منی پور میں مسیحیوں کے خلاف تشدد کا حوالہ دیا۔گرپت ونت سنگھ پنوں نے بھارتی ریاستی اداروں پر سکھوں، مسلمانوں اور مسیحیوں کے خلاف مبینہ طور پر استعمال ہونے کا الزام عائد کیا۔

بقیہ نمبر 13

مطابق نالہ ڈیک میں درمیانے درجے کا سیلاب ہے اور اس وقت 16 ہزار کیوسک پانی کا ریلا گزر رہا ہے۔محکمہ آبپاشی کے مطابق نالہ ڈیک میں پانی گزرنے کی مجموعی گنجائش 30 ہزار کیوسک ہے۔ سیلابی صورتحال کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ الرٹ ہے اور صورتحال کی مسلسل نگرانی جاری ہے۔انتظامیہ نے نالہ ڈیک کے اطراف رہائشیوں کو غیر ضروری نقل وحرکت سے گریز اور احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے۔محکمہ آبپاشی کے مطابق مزید بارشوں کی صورت میں پانی کے بہاؤ میں اضافے کا خدشہ ہے

بقیہ نمبر 14

ارکان نوین راج، محمد احمد حسین اور علیحہ علی نے بہترین مندوب کے اعزازات حاصل کیے، سلیقہ مرتضی اور علیشبا وزیر کو بہترین سفارت کار کے اعزاز سے نوازا گیا۔ پاکستانی طلبا نے عالمی مسائل پر بحث کے دوران بہترین سفارتکاری، قیادت اور تنقیدی سوچ کی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، لاہور کے طالبعلم حسام معظم نے بھی پاکستان کی بھرپور نمائندگی کرتے ہوئے باوقار آنریبل مینشن ایوارڈ حاصل کیا

بقیہ نمبر 15

سے مہلک روسی حملہ ہے۔یوکرینی حکام کے مطابق روسی حملوں کے دوران ڈرونز سمیت مختلف فضائی ہتھیاروں کا استعمال کیا گیا، جبکہ امدادی ٹیمیں متاثرہ علاقوں میں کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔روس کی جانب سے ان حملوں کے حوالے سے فوری طور پر کوئی تفصیلی مؤقف سامنے نہیں آیا، روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ میں دونوں جانب سے ایک دوسرے کے خلاف مسلسل فضائی حملے کیے جارہے ہیں، جبکہ شہری علاقوں میں ہونے والے حملوں کے باعث بڑے پیمانے پر جانی ومالی نقصان ہوچکا ہے

بقیہ نمبر 16

آپا سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے کانسٹیبل احتشام کو فوری طور پر معطل اور کلوز لائن کرنے جبکہ چارج شیٹ جاری کرنے کے احکامات دے دیے۔سی پی او نے ایس پی صدر کو واقعہ کی مکمل انکوائری کرکے رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔سی پی او راولپنڈی کا کہنا ہے کہ کسی بھی شہری پر تشدد یا اس کے ساتھ ناروا سلوک کسی صورت قابلِ برداشت نہیں، پولیس اہلکاروں کو قانون اور ضابطے کے مطابق فرائض انجام دینا ہوں گے۔ واقعہ کی انکوائری رپورٹ کی روشنی میں مزید محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ نمبر 17

باڈی کے سابق رکن خورشید احمد کو ایک بار پھر مرکزی سیکرٹری جنرل، عبداللطیف نظامانی کو مرکزی صدر، رمضان خان اچکزئی کو جوائنٹ پریذیڈنٹ اور گوہر تاج کو چیئرمین منتخب کرلیا گیا تھے۔ دریں اثناء جاوید اقبال بلوچ کے مرکزی ڈپٹی چیئرمین بننے پر یونین کے آئیسکو کے ریجنل ڈپٹی چیئرمین طارق مسعود نیازی، ریجنل انفارمیشن سیکرٹری سجاد حسین ساجد، گل نواز بنگش، جی ایس او سرکل کے چیئرمین سردار وقار احمد خان، زونل سیکرٹری چوہدری محمد قاسم، میڈیا کوآرڈینیٹر ملک سجاد اعوان، اٹک سرکل کے چیئرمین نعیم محمود، زونل سیکرٹری حاجی محمد صدیق، وائس چیئرمین وارث خان نیازی، اسلام آباد سرکل کے چیئرمین قاسم رضا جعفری، زونل سیکرٹری ملک ارشد اعوان، وائس چیئرمین سید راحت عباس، کینٹ سرکل کے چیئرمین قمر فاروق کلیامی، زونل سیکرٹری عامر سہیل، پریس سیکرٹری ظفر اقبال وڑائچ، سٹی سرکل کے چیئرمین عمران عزیز، زونل سیکرٹری ملک حسنین شہید، جوائنٹ سیکرٹری عاصم رضا جعفری، جہلم سرکل کے چیئرمین خرم نسیم بٹ، زونل سیکرٹری ملک خالد محمود، چکوال سرکل کے چیئرمین محمود منہاس، زونل سیکرٹری ابراہیم بھٹی، ہیڈ آفس سرکل کے چیئرمین محمد خورشید، زونل سیکرٹری محمد محسن، کنسٹرکشن زون کے چیئرمین داؤد گل، زونل سیکرٹری رانا ابرار، سٹور زون کے چیئرمین شجاع امین، زونل سیکرٹری راجہ محسن، ایم اینڈ ٹی سرکل کے چیئرمین مسعود پرویز اور زونل سیکرٹری فہیم راجہ سمیت دیگر قائدین نے مسرت کا اظہار کرتے ہوئے جاوید اقبال بلوچ کو مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا جاوید بلوچ کا یونین کے مرکزی عہدے پر انتخاب محنت کش طبقے اور واپڈا ملازمین کیلئے ان کی طویل، انتھک، بےلوث اور مسلسل جدوجہد اور مزدور دوست خدمات کا اعتراف ہے۔ واپڈا عہدیداران نے کہا کہ اٹک سے جہلم تک تمام آئیسکو ملازمین جاوید اقبال بلوچ کی قیادت میں متحد ہیں اور نجکاری کی مزاحمت اور حقوق کے تحفظ کیلئے ہائیڈرو یونین کے پلیٹ فارم سے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

بقیہ نمبر 18

،صحافیوں، سوشل میڈیا انفلوئنسرز اور میڈیا نمائندوں نے مطالبہ کیا کہ زیادہ چینی، سوڈیم اور سیر شدہ چکنائی رکھنے والی مصنوعات پر اردو زبان میں واضح سیاہ آکٹاگون وارننگ لیبلز لازمی قرار دیے جائیں۔فوڈ اینڈ نیوٹریشن پالیسی کے ماہر منور حسین نے کہا کہ واضح لیبلز صارفین، خصوصاً بچوں اور نوجوانوں کو غیر صحت بخش مصنوعات کی شناخت اور بہتر غذائی انتخاب میں مدد دیں گے۔ پناہ کے جنرل سیکریٹری ثناء اللہ گھمن نے کہا کہ وارننگ لیبلز کے نفاذ میں مزید تاخیر کی کوئی گنجائش نہیں، حکومت عوامی صحت کے تحفظ کے لیے فوری اقدامات کرے۔شرکاء نے وزارتِ سائنس وٹیکنالوجی اور پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA) سے مطالبہ کیا کہ گزشتہ دو سال سے زیرِ غور سفارشات کو جلد حتمی شکل دے کر فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز نافذ کیے جائیں

بقیہ نمبر 19

لیں۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں موجود گرجا گھروں کی فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے موثر اقدامات کئے ہیں، اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اتوار کے روز بھی فیلڈ میں متحرک رہتے ہوئے ضلع بھر کے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا، اس موقع پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی، ان کے فرائض کی انجام دہی کا جائزہ لیا اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں، انہوں نے گرجا گھروں کے داخلی وخارجی راستوں، پارکنگ ایریاز اور اردگرد کے علاقوں میں تعینات نفری سمیت مجموعی سکیورٹی پلان کا معائنہ کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے گرجا گھروں کی انتظامیہ سے ملاقات کے دوران کہا کہ اسلام آباد پولیس بلاتفریق تمام مذاہب کے ماننے والوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر وقت سرگرم عمل ہے، انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ پولیس اسٹیشن یا پولیس ہیلپ "لائن پکار-"15 پر دیں، انہوں نے کہا کہ پولیس اور عوام کے درمیان تعاون ہی امن وامان کے قیام کی بنیاد ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس اپنے فرائض قومی جذبے، فرض شناسی اور اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ انجام دے رہی ہے تاکہ وفاقی دارالحکومت میں محفوظ اور پرامن ماحول کو برقرار رکھا جاسکے، آخر میں انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 20

کے لیے انچارج مقرر کیے جائیں گے جو اپنے علاقوں کے نجی تعلیمی اداروں سے رابطہ رکھیں گے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے قیادت کے ساتھ مل کر کام کریں گے عدنان نثار نے کہا کہ نجی تعلیمی ادارے فروغ تعلیم میں اہم کردار ادا کررہے ہیں اپیسما کی تنظیم سازی کا مقصد اداروں کو مضبوط پلیٹ فارم فراہم کرنا اور ان کے جائز مسائل کے حل کے لیے مؤثر آواز بلند کرنا ہے اجلاس میں سرپرست اعلیٰ طارق محمود سمیت دیگر عہدیداران اور وومن ونگ کی نمائندگان نے شرکت کی شرکاء نے اپیسما تحصیل راولپنڈی کو مزید فعال اور منظم بنانے اور نجی تعلیمی اداروں کی فلاح وبہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 21

سمیت کئی شہروں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، فیصل آباد، چکوال، جہلم اور منڈی بہاؤ الدین میں بارش کی توقع ہے۔خیبر پختونخوا کے علاقوں چترال، دیر، سوات، شانگلہ، بونیر اور ملاکنڈ میں بھی بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے، مری، گلیات اور دیگر پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے، برساتی نالوں میں فلیش فلڈنگ کا خطرہ بھی موجود ہے۔

بقیہ نمبر 22

صورتحال کی سنگینی کے پیش نظر ایف سی بلوچستان نے فوری اور مؤثر جوابی کارروائی کی۔ایف سی کا کہنا ہے کہ سکیورٹی فورسز کے بروقت ردعمل کے بعد مسلح افراد مزاحمت جاری رکھنے میں ناکام رہے، مؤثر کارروائی کے باعث مسلح افراد اپنی گاڑیاں اور بڑی مقدار میں گولہ بارود موقع پر چھوڑ کر فرار ہوگئے۔

بقیہ نمبر 23

بری طرح سے بھنبھوڑ کر زخمی کر دیا۔لڑکے کی چیخ وپکار سن کر اہل علاقہ گھروں سے باہر آئے اور زخمی شعبان کو قریبی اسپتال منتقل کیا، جہاں اسپتال عملے نے ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد لڑکے کو مزید علاج اور ویکسینیشن کیلئے راولپنڈی اسپتال منتقل کر دیا۔دوسری جانب سگ گزیدگی کا شکار لڑکے کے والد کی مدعیت میں تھانہ سٹی پولیس نے مقدمہ درج کرکے کتے کے مالک کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ نمبر 24

عملے کے افراد کی کمی ہے۔ پولی کلینک ہسپتال میں ڈاکٹرز نرسز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی آسامیاں 1132 ہیں۔اس وقت 893 افراد کا طبی عملہ موجود 239 آسامیاں خالی ہیں۔نیرم میں طبی عملے کی منظور شدہ تعداد 161 جبکہ 132 کا عملہ کام کررہا ہے 29 کی کمی۔شیخ زید ہسپتال لاہور میں طبی عملے کی آسامیاں 1216 اس وقت 793 کام کررہے ہیں۔شیخ زید ہسپتال میں 423 افراد کی کمی جبکہ وفاقی جنرل ہسپتال اسلام آباد میں بھی 47 افراد کے طبی عملے کی کمی ہے۔وفاقی جنرل ہسپتال میں منظور آسامیاں 212 جبکہ اس وقت 165 کا طبی عملہ موجود ہے۔ضلعی محکمہ صحت کی 125 آسامیاں اور وفاقی حکومت کے ٹی بی مرکز راولپنڈی میں بھی 11 آسامیاں خالی ہیں۔

بقیہ نمبر 25

رسولِ مقبول ﷺ سے ہوا۔اس موقع پر محفل کا ماحول درود وسلام اور ذکرِ مصطفیٰ ﷺ سے معطر رہا۔شرکاء نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں اپنی عقیدت ومحبت کا اظہار کرتے ہوئے نعتیہ کلام پیش کرنے والے ثناء خوانِ مصطفیٰ ﷺ الحاج شہباز قمر آفریدی کو بھرپور داد دی۔الحاج شہباز قمر آفریدی نے اپنی پرسوز آواز میں نعتیہ کلام پیش کیا، جس سے محفل میں روحانی کیفیت پیدا ہوگئی۔شرکاء نے عقیدت واحترام کے ساتھ نعتیہ کلام سماعت کیا اور درود وسلام کا ورد کیا۔محفل میں معروف شخصیات ذوالفقار عباسی، ملک یوبی اور سید ثاقب حسین شاہ سمیت پاکستانی کیونٹی کے دیگر افراد نے شرکت کی۔شرکاء نے محفل کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ دیارِ غیر میں ایسی مذہبی وروحانی محافل نئی نسل کو اسلامی اقدار، دینی روایات اور سیرتِ طیبہ ﷺ سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔محفل سے خطاب کرتے ہوئے علامہ حسن میر قادری نے سیرتِ طیبہ ﷺ، عشقِ رسول ﷺ اور اسلامی تعلیمات کی اہمیت پر تفصیلی روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی حیاتِ مبارکہ پوری انسانیت کے لیے بہترین نمونہ ہے۔آپ ﷺ نے محبت، اخوت، عدل، برداشت، رواداری اور انسانیت کی خدمت کا درس دیا، جس پر عمل پیرا ہوکر معاشرے میں امن وسکون اور بھائی چارے کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ایسی محافل مسلمانوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے، باہمی اتحاد کو مضبوط کرنے اور اسلامی اقدار کو اجاگر کرنے کا مؤثر ذریعہ ہیں۔خطاب کے بعد علامہ حسن میر قادری نے ملک وقوم کی سلامتی، پاکستان کی ترقی وخوشحالی، امتِ مسلمہ کی سربلندی، فرانس سمیت دنیا بھر میں امن واستحکام، مسلمانوں کے اتحاد اور تمام حاضرین کے لیے خصوصی دعا فرمائی۔ انہوں نے فلسطین سمیت دنیا کے مختلف خطوں میں مظلوم مسلمانوں کے لیے بھی دعا کی۔محفل کے اختتام پر شرکاء کی تواضع کی گئی۔شرکاء نے محفلِ میلادِ مصطفیٰ ﷺ کے کامیاب انعقاد پر لاہور ریسٹورنٹ کے اونر عدیل گوندل کو مبارکباد پیش کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی ایسی بابرکت اور روحانی محافل کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

بقیہ نمبر 26

ملزم کی طالبات اور ٹیچرز کو ہراساں کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی۔ پولیس کے مطابق ملزم روزانہ یونیورسٹی کے باہر طالبات اور خواتین ٹیچرز کو ہراساں کرتا تھا اور بہانے سے کم عمر طالبات کو گاڑی میں بٹھانے کی کوشش کرتا تھا۔ملزم ندیم کے خلاف مقدمہ درج کرکے جینڈر سیل کے حوالے کردیا گیا، جبکہ ملزم کے زیر استعمال گاڑی بھی پولیس تحویل میں لے لی گئی۔ایس پی صدر عبداللہ عمران چیمہ کا کہنا ہے کہ طالبات اور خواتین کو ہراساں کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 27

2022 کو اس دن کے منانے کا فیصلہ کیا گیا تھا، یہ فیصلہ انٹرپول کے انٹرنیشنل کریمنل پولیس کمیشن (آئی سی پی سی) کی صد سالہ تقریبات کو یادگار بنانے کے حوالے سے کیا گیا تھا۔واضح رہے کہ 7 ستمبر 1923 جو آئی سی پی سی کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔رواں سال پہلی مرتبہ پولیس تعاون کا عالمی دن منایا جارہا ہے جو آئندہ ہر سال 7 ستمبر کو منایا جائے گا۔پولیس تعاون کے عالمی دن کے موقع پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پولیس تعاون کا بین الاقوامی دن منانے کے آغاز پر میں امن، سلامتی اور انصاف کے لئے دنیا بھر کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔ اس دن کی مناسبت سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں سرکاری، غیر سرکاری اور نجی اداروں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا

بقیہ نمبر 28

میاں سید علی شاہ کی میت کی لوکیشن کی تصدیق کی گئی ہے۔ڈپٹی کمشنر کا مزید کہنا ہے کہ ریسکیو ٹیم میت کو محفوظ طریقے سے نیچے منتقل کرنے کی کوشش کرے گی

بقیہ نمبر 29

کے مرحومین و لالہ آنارس کے درجات کی بلندی و رزق میں اضافہ اور ملک وقوم کے استحکام اور ترقی و خوشحالی کی دعا کی، اس موقع پر بڑی تعداد میں نمایاں شخصیات کے علاوہ، تحصیل بھر کے صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی، جن میں سابق پارلیمانی سیکرٹری راجہ جاوید اخلاص، ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری جاوید کوثر، سابق صوبائی وزیر چوہدری محمد ریاض، قاضی گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین شوکت محمود قاضی، سابق چیئرمین بلدیہ محمد شاہد صراف، سابق تحصیل ناظم چوہدری محمد عظیم، سابق چیئرمین مارکیٹ کمیٹی جمشید صراف، پنجاب کالج کے پرنسپل پروفیسر شاہجہان اکبر، جیئنیٹری کالج کے سی ای او راجہ محمد حاشر، ڈائریکٹر ورچوئل پروفیسر واجد حسین، گوجرخان بار کے صدر چوہدری راشد مبین، سابق صدر عرفان قریشی، سابق جنرل سیکرٹری راجہ جاوید بھٹی، راجہ قیصر محمود ایڈووکیٹ، عظیم علمی و ادبی شخصیت بشارت میرزا، پوٹھوہار پریس کلب کے صدر شہزادہ ارباب اعجاز، سابق صدور عامر وزیر ملک اور ملک جاوید اقبال، جنرل سیکرٹری راجہ محمد اقبال، سابق جنرل سیکرٹریز راجہ اسد محمود اور راجہ عمر لطیف، نائب صدر مرزا ندیم، سابق سینئر نائب صدر شفقت کیانی، اخبار مارکیٹ اور میڈیا سنٹر کے صدر منیر احمد ملہوترا، کوآرڈینیٹر یاور منیر ملہوترا، مرکزی انجمن تاجران کے صدر راجہ محمد جواد، ایڈیشنل سیکرٹری مرزا تیمور وارثی، ملک محمد فیاض سندھو، پی ٹی آئی تحصیل کے صدر راجہ سہیل عباس کیانی، نے لیگ سٹی کے صدر سید ندیم عباس بخاری، پی پی پی سٹی کے جنرل سیکرٹری عمران کامی، راجہ خاقان بابر، تاج ریسٹورنٹ کے اونر راجہ وحید حیدر تاج، کلب کیفے کے اونر حمزہ ثمر، دولتالہ پریس کلب کے سید منور نقوی، نوید افسر راجہ، اشفاق انجم جنجوعہ، بیول پریس کلب کے سابق صدر چوہدری محمد اخلاق گردآور افتخار مہدی و دیگر شامل تھے، احمد نواز کھوکھر نے مہمانوں کو پرتپاک استقبال کیا اور انکی خدمت میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی

بقیہ نمبر 30

3 تاجیرین شہری اور ضلع خیبر کا ایک رہائشی شامل ہیں۔بازیاب ہونے والے تاجیرین شہریوں کی شناخت اسٹن ولد نوان کواب، مائیکل ولد اسٹن اور جسٹن ولد اسٹن جبکہ ضلع خیبر کے رہائشی مغوی کی شناخت نصرت خان ولد ارباب کے نام سے ہوئی۔کارروائی کے دوران پولیس نے واردات میں ملوث تین اغوا کاروں کو بھی گرفتار کرلیا، جن کی شناخت آصف محمود ولد عباس سکنہ شاہین بازار، عمر فاروق اور عثمان غنی پسران عتیق احمد ساکنان گلبہار کے ناموں سے ہوئی۔گرفتار ملزمان نے مغویوں کو لاہور سے پشاور منتقل کیا اور تھانہ گلبہار کی حدود گلبہار نمبر 2 میں واقع مکان کے گراؤنڈ فلور میں غیر قانونی طور پر محبوس رکھا ہوا تھا۔ملزمان مغویوں کے ورثا سے 25 ہزار امریکی ڈالر تاوان کا مطالبہ کررہے تھے، ابتدائی تفتیش کے مطابق گرفتار ملزمان بین الاقوامی سطح پر آئس سمیت دیگر منشیات کے دھندے میں بھی ملوث ہے، جس حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے۔پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے ایک کالاکوف، دو پستول، کارتوس، منشیات اور دیگر اشیا بھی برآمد کرلی گئی ہے۔گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے، جبکہ گروہ کے دیگر ممکنہ ساتھیوں اور جرائم سے متعلق بھی تحقیقات جاری ہیں

بقیہ نمبر 31

رسووا کا گاؤں تیمورے بھوٹے کوشی دریا میں شدید طغیانی کے باعث آنے والے سیلاب سے بری طرح متاثر ہوا، جہاں امدادی کارکن زندہ بچ جانے والوں کی تلاش میں مصروف ہیں۔تلاش کے دوران آرمڈ پولیس فورس کے اہلکاروں نے ملبے کے نیچے سے بچی کے رونے کی مدھم آواز سنی۔اہلکاروں نے فوری طور پر کھدائی شروع کی اور کئی گھنٹوں کی کوشش کے بعد 6 سالہ بچی کو ملبے سے بحفاظت باہر نکال لیا گیا

بقیہ نمبر 32

کی پیداوار میں تقریبا 3 ہزار 600 میگاواٹ کی ہوئی، جبکہ منگلا ہائیڈرو پاور منصوبے سے پیداوار بھی تقریبا195 میگاواٹ کم ہے۔پاور ڈویژن کا دعوی ہے کہ آر ایل این جی کی دستیابی سے بجلی کی پیداوار بہتر ہونے کی توقع ہے۔ادھر ترجمان واپڈا کے مطابق تربیلا کے مقام پر دریائے سندھ میں پانی کی آمد اور اخراج ایک لاکھ 82 ہزار 100 کیوسک ہے، منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد 19 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 7 ہزار 400 کیوسک ہے۔چشمہ بیراج میں پانی کی آمد ایک لاکھ 98 ہزار 700 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 80 ہزار کیوسک ہے، جبکہ ہیڈ مرالہ کے مقام پر دریائے چناب میں پانی کی آمد 72 ہزار 100 کیوسک اور اخراج 50 ہزار کیوسک ہے۔نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل میں پانی کی آمد اور اخراج 22 ہزار 400 کیوسک ہے۔ترجمان واپڈا کے مطابق تربیلا ریزروائر میں آج پانی کی سطح 1550 فٹ اور پانی کا ذخیرہ 55 لاکھ 80 ہزار ایکڑ فٹ ہے، منگلا ریزروائر میں پانی کی سطح 30,1219 فٹ اور پانی کا ذخیرہ 55 لاکھ 34 ہزار ایکڑ فٹ ہے۔چشمہ ریزروائر میں آج پانی کی سطح 50.648 فٹ اور پانی کا ذخیرہ 2 لاکھ 85 ہزار ایکڑ فٹ ہے۔تربیلا، منگلا اور چشمہ کے ریزروائرز میں قابل استعمال پانی کا مجموعی ذخیرہ ایک کروڑ 13 لاکھ 99 ہزار ایکڑ فٹ ہے۔ترجمان واپڈا کے مطابق تربیلا اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد واخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے، جبکہ ہیڈ مرالہ سمیت دیگر مقامات پر پانی کی آمد واخراج کی تفصیل آج صبح 6 بجے کی ہے۔

بقیہ نمبر 33

ایک کا انتخاب ہی ہونا تھا اور فیصلہ افتخار گیلانی کے حق میں ہوا، اس فیصلے سے کسی کے ساتھ زیادتی نہیں کی گئی۔رانا ثنااللہ نے کہا کہ شاہ غلام قادر پارٹی کے صدر ہیں، وہ ہر قیمت پر ساتھ رہیں گے، انہیں اور راجا فاروق حیدر کو ٹیم میں شامل کریں گے۔

بقیہ نمبر 34

روم میں ہوگا۔پھر حکام کمیٹی ارکان کو سانحے سے متعلق تازہ صورتحال اور اب تک سامنے آنے والی تفصیلات پر بریفنگ دیں گے، کمیٹی ہسپتال میں طبی پروٹوکول، مریضوں کی حفاظت کے انتظامات اور ممکنہ انتظامی خامیوں کا بھی جائزہ لے گی۔اجلاس کے بعد سینیٹ قائمہ کمیٹی کے ارکان جائے سانحہ اور پھر کے مختلف شعبہ جات کا دورہ بھی کریں گے، کمیٹی مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام، ذمہ داروں کا تعین اور احتساب یقینی بنانے کے لیے سفارشات بھی مرتب کرے گی۔

بقیہ نمبر 35

اے کے مطابق مزید 20 چینی شہری ڈی پورٹ کر دیئے گئے ہیں، ڈی پورٹ ہونیوالوں کے نام بھی بلیک لسٹ میں شامل کردیئے گئے ہیں۔یادر ہے کہ اس سے قبل 14 ویتنامی شہریوں کو واپس بھیجا گیا تھا، ان تمام غیر ملکیوں کی جانب سے ویزہ پالیسی کی خلاف ورزی کی گئی تھی۔یادر ہے کہ جعمرات کو جعلی کال سینٹر اور منافع اسکیم کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے پکڑے گئے 15 چینی شہریوں سمیت عدالت نے 34 ملزمان کو سزا سنائی تھی۔ذرائع این سی سی آئی اے نے بتایا تھا کہ دونوں مقدمات میں مجموعی طور پر 15 چینی اور 19 پاکستانی شہری شامل تھے۔عدالت نے تمام ملزمان کو 18 ماہ قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ملزمان کے خلاف کارروائی کے سلسلے میں 2025 میں کراچی کے ڈیفنس فیزون اور فیز سکس میں چھاپے مارے گئے تھے

بقیہ نمبر 36

امریکہ اور اسرائیل کے خلاف متحد ہونے کی اپیل کی ہے۔ آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے اپنے تحریری پیغام میں کہا کہ اسلامی اقوام کے مسائل کا حل اتحاد کلمہ، دوستی اور بھلائی کی راہ میں تعاون میں ہے، دشمن دنیا بھر کے مسلمانوں کے درمیان تقسیم پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے جبکہ مسلمانوں کو تقسیم کرنے والے کسی بھی اقدام سے گریز کرنے پر زور دیا گیا ہے۔امریکا اور اسرائیل کا حوالہ دیتے ہوئے بیان میں مزید کہا گیا کہ وہ مختلف نسلی، ثقافتی، سماجی، اقتصادی، سیاسی اور جغرافیائی اختلافات کو ایران اور کسی بھی دوسرے اسلامی ملک میں مسلم عوام کے درمیان اختلاف پیدا کرنے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے خلیجی ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے حقیقی دشمن کی شناخت کریں، وہ اپنے حقیقی دشمنوں کے منصوبوں کو سمجھیں اور اس کا مقابلہ کریں۔آیت اللہ مجتبیٰ علی خامنہ ای نے کہا کہ امریکا اور اسرائیل دوستی اور اتحاد کے دشمن ہیں، امریکا اور اسرائیل صرف ایران کے نہیں بلکہ ساری اسلامی دنیا کے دشمن ہیں۔

بقیہ نمبر 37

مٹی کے تودوں کے باعث متاثرہ علاقوں تک رسائی بدستور ایک بڑا چیلنج ہے، نیپال میں 18 ہزار سے زیادہ امدادی کارکن ریسکیو آپریشن میں مصروف ہیں، جبکہ خراب موسم اور دشوار گزار راستے امدادی سرگرمیوں میں رکاوٹ بن رہے ہیں۔حکام نے ہیلی کاپٹروں کے ذریعے امداد پہنچانے کا عمل تیز کر دیا ہے اور بعض مقامات پر ریسکیو کے لیے ڈرونز کے استعمال پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔سیلاب میں بڑی تعداد میں غیر ملکی شہری بھی متاثر ہوئے ہیں، نیپال ٹورزم بورڈ کے مطابق 261 غیر ملکی شہریوں کو ریسکیو کیا جاچکا ہے، جبکہ مزید 320 غیر ملکی تاحال لاپتہ ہیں، ریسکیو کیے جانے والوں میں 167 انڈین، 40 چینی، آٹھ یوکرینی، چار جرمن، چار مالٹیز اور تین امریکی شہری بھی شامل ہیں۔اقوام متحدہ کی نیپال میں نمائندہ لیلا پیٹرز یچکی نے بتایا ہے کہ امدادی سامان تو پہنچ رہا ہے، مگر متاثرین تک پہنچانا انتہائی مشکل ثابت ہو رہا ہے۔لیلا پیٹرز یچکی کے مطابق بھارت اور چین کی ریسکیو ٹیمیں جو گزشتہ روز پہنچی ہیں، اضافی مدد فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہیں، لیکن راستوں کی خراب صورتحال امدادی کام میں بڑی رکاوٹ ہے، رسائی بہت مشکل ہے، اسی لیے امداد لوگوں تک پہنچانا بھی مشکل ہو رہا ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ حکومت نے ہیلی کاپٹر کے ذریعے سامان کی ایئر لفٹنگ شروع کردی ہے، جبکہ ڈرون کے ذریعے امداد پہنچانے پر بھی غور کیا جا رہا ہے، خراب موسمی حالات بھی ہمارے لیے مسئلہ بن رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 38

مطابق 13 بچوں کی میتیں والدین جبکہ ایک لاوارث میت ایدھی فاؤنڈیشن کے سپرد کر دی گئی، ایک بچے کی میت والدین کی عدم دستیابی کے باعث ایدھی فاؤنڈیشن کے حوالے کی گئی، وزارت صحت نے کہا کہ متاثرہ خاندانوں کے لئے اعلان کردہ 50 لاکھ روپے ایدھی فاؤنڈیشن کو دیے جائیں گے، پھر ذرائع کے مطابق ایدھی ہوم میں قبل 21 جون کو خاتون بچے کو جنم دے کر چھوڑ گئی تھی، بچہ 21 جون سے پمز اسپتال کی نرسری میں زیر علاج تھا، میتوں کی نشان دہی اور لواحقین کو سپرد کرنے کے وقت موجود بچے کی میت لاوارث تھی۔ذرائع کے مطابق 15 سالہ نوعمر ماں بچے کی ولادت کے بعد روپوش ہوگئی، کسی نے شکایت درج نہیں کروائی جس کے باعث ماں کو تلاش نہیں کیا گیا، بچے کی ماں اب تک لاپتہ ہے۔

بقیہ نمبر 39

نام سے ہوئی ہے، جبکہ عتیق اللہ ولد مولوی نیک محمد زخمی ہوگیا۔لاشوں اور زخمی شخص کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا۔واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے، جبکہ دھماکے کی نوعیت اور اس میں ملوث عناصر سے متعلق تحقیقات جاری ہیں۔واقعے کے حوالے سے ایس پی دکی منصور احمد بزدار کا کہنا ہے کہ دھماکا ندی میں اس وقت ہوا، جب ایک گاڑی وہاں سے گزر رہی تھی۔ایس پی نے مزید بتایا کہ جاں بحق ہونے والے افراد اپنی گاڑی میں زمینداری کے سلسلے میں جارہے تھے کہ گاڑی آئی اے ڈی سے ٹکرا گئی۔ پولیس کے مطابق جاں بحق اور زخمی افراد کو فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، جبکہ واقعے کے بعد علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے

بقیہ نمبر 40

مواقع میسر آئیں اور وہ قومی دھارے میں موثر کردار ادا کرسکیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 فیصل آباد کے دورے کے موقع پر مختلف شعبوں سے وابستہ شخصیات سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ہمایوں اختر خان نے لنڈو چوک میں واقع سیاسی دفتر میں بھی علاقہ عمائدین سے ملاقات کی اور حلقے کی عوام کو درپیش مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے کہا کہ این اے 97 فیصل آباد کے عوام سے ہمارا دیرینہ اور مضبوط تعلق ہے جس میں کوئی دراڑ نہیں ڈال سکتا۔ حلقے کے عوام بخوبی آگاہ ہیں کہ دہائیوں سے یہاں سے منتخب ہونے والے نام نہاد نمائندوں نے دوبارہ پلٹ کر ان کی حالت زار تک معلوم نہیں کی، یہی لوگ حلقے کی محرومیوں کے ذمہ دار ہیں ۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ ہم نے حلقے کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائی ہے جس کے مثبت نتائج بھی سامنے آئے ہیں، ہم اپنی استطاعت کے مطابق وسائل بھی بروئے کار لا رہے ہیں اور برملا کہتے ہیں کہ یہ حلقے کے عوام پر کوئی احسان نہیں کیونکہ یہاں کے لوگوں نے ہمیں عزت، احترام اور محبت سے نوازا ہے۔ ہمایوں اختر حلقے میں انتقال کر جانے والوں کے عزیز واقارب سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کیلئے ان کی رہائشگاہوں پر بھی گئے۔

بقیہ نمبر 41

کے بعد مسلم لیگ (ن) کی جانب سے انہیں باضابطہ طور پر پارٹی ٹکٹ جاری کردیا گیا۔ ملک منیر اقبال چنڑ سابق رکن قومی اسمبلی ملک محمد اقبال چنڑ مرحوم کے صاحبزادے ہیں۔ملک محمد اقبال چنڑ این اے 168 بہاولپور سے مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی تھے اور رواں ماہ انتقال کر گئے تھے، جس کے بعد یہ نشست خالی ہوئی۔ پارٹی قیادت کی منظوری کے بعد ملک منیر اقبال چنڑ اب این اے 168 کے ضمنی انتخاب میں مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ہوں گے۔

بقیہ نمبر 42

کہا کہ حضور اکرم ص اخلاق کریمہ کا پیکر تھے، اللہ تعالیٰ نے آپ ص کو عظیم اخلاق کا مالک قرار دیا۔ عظیم اخلاق کا مالک انسان نہ تو کسی کی توہین کرتا ہے اور نہ ظلم کرتا ہے۔اگر ہم حضور اکرم ص کے نقش قدم پر چلنے کے دعوے دار ہیں تو ہمیں اپنے اندر اخلاقِ حسنہ پیدا کرنا ہوں گے۔پاکستان میں اتحاد و وحدت اور قانون و انصاف کی بالادستی قائم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار مجلس وحدت مسلمین پاکستان کی میزبانی میں ملی یکجہتی کونسل کے زیر اہتمام ''عشق پیغمبر اعظم ص کانفرنس'' سے خطاب کرتے ہوئے کیا، کانفرنس میں ملک کی بڑی مذہبی جماعتوں کے سربراہان، قائدین، علماء کرام اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے علامہ راجہ ناصر عباس جعفری نے مزید کہا کہ آج مذہبی قیادت کی ذمہ داری ہے کہ عوام کو ایسے ہتھکنڈوں سے دور رکھے جو انہیں مسلکی اختلافات اور باہمی انتشار کی طرف لے جاتے ہیں۔ہمیں اس حقیقت کا ادراک ہے کہ امریکہ، اسرائیل اور ان کے بعض اتحادی پاکستان کو مضبوط اور مستحکم نہیں دیکھنا چاہتے، مگر افسوس کہ ہمارے حکمران ان طاقتوں کے سب سے زیادہ تابعدار بنے ہوئے ہیں۔ یہی طرز حکمرانی ملک کو موجودہ صورتحال تک لے کر آیا ہے۔انہوں نے کہا کہ وہ سینیٹ آف پاکستان میں ظلم و ناانصافی کے خلاف اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے۔کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے رہنما لیاقت بلوچ نے امریکی واسرائیلی جارحیت کی کھل کر مذمت کی اور اتحاد و وحدت کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا۔ انہوں نے ایرانی عوام اور قیادت کی جانب سے امریکی دباؤ کے مقابلے میں مزاحمت کو ایک عظیم کارنامہ قرار دیتے ہوئے پاکستان اور افغانستان کے تعلقات بہتر بنانے پر بھی زور دیا۔مہمانِ خصوصی وزیر مذہبی امور خیبر پختونخوا عدنان قادری نے خطاب کرتے ہوئے حضرت محمد مصطفیٰ ص اور آلِ محمدؑ سے محبت وعقیدت کا اظہار کیا اور اتحادِ امت کی اہمیت پر زور دیا۔ جماعت اہل حرم کے سربراہ گلزار نعیمی نے کہا کہ مذہبی قیادت اتحاد و وحدت کے لیے کوشاں ہے اور امت کو باہمی اختلافات سے بالاتر ہوکر مشترکہ اسلامی اقدار کے لیے متحد ہونا چاہیے، کانفرنس سے ملی یکجہتی کونسل کے دیگر رہنماؤں علامہ عارف واحدی، عبدالقدوس، قاری محمد عمیر آصف، عبدالحمید گل، ڈاکٹر علی عباس، طیب شاہ بخاری، سلطان قادری، سید عبدالوحید شاہ، پیر سید سعادت علی شاہ اور ڈاکٹر ضمیر اختر نے بھی خطاب کیا۔ اور امت مسلمہ کے اتحاد پر زور دیا۔ مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محبت رسول ص اتحادِ امت، مذہبی ہم آہنگی، ملکی سلامتی اور قانون کی بالادستی کے لیے مشترکہ جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔اس موقع پر ہاتھ میں ہاتھ دیگر اتحاد و وحدت کا عملی مظاہرہ بھی کیا گیا

بقیہ نمبر 43

ذمہ داریوں کی تکمیل سے مشروط ہے۔کاظم غریب آبادی نے کہا کہ امریکا کی جن ذمہ داریوں کا ذکر کیا جا رہا ہے، وہ اسلام آباد میمورنڈم آف انڈرسٹینڈنگ کی شقوں سے متعلق ہیں، جن میں ایران پر فوجی حملوں کا مکمل خاتمہ اور ملک کی بحری ناکہ بندی کا اٹھایا جانا شامل ہے۔یہ بیان تہران اور مسقط کے درمیان آبنائے ہرمز میں ایک نئے اور عارضی بحری راستے کے قیام پر ہونے والی بات چیت کے بعد سامنے آیا ہے۔غریب آبادی نے کہا کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر بند ہے اور اگر کوئی جہاز گزرتا ہے تو وہ ایران کی اجازت اور ہم آہنگی کے بغیر ممکن نہیں، ایرانی مسلح افواج آبنائے ہرمز میں ہر حرکت سے مکمل طور پر باخبر ہیں اور امریکی دعوے کہ جہاز گزر رہے ہیں، کسی طور درست نہیں۔

بقیہ نمبر 44

کی حفاظت کے لیے جدید تقاضوں کے مطابق فائر و لائف پروٹیکشن اقدامات کریں، مراکز صحت سی ڈی اے فائر ڈیپارٹمنٹ سے فائر سیفٹی کی این او سی لیں، اسی طرح مراکز صحت رجسٹرڈ کنٹریکٹرز سے فائر پروٹیکشن سسٹم کی تنصیب کروائیں۔مراکز صحت فائر ڈیٹیکشن، الارم اور سپریشن سسٹم نصب کریں جبکہ فائر ہائیڈرنٹس، آگ بجھانے والے آلات کی تنصیب، فعالیت یقینی بنائیں۔ مراکز صحت ہنگامی خارجی دروازوں کی دستیابی وفعالیت یقینی بنائیں۔ آئی ایچ آر اے نے مراسلے میں لکھا ہے کہ مراکز صحت عملے کی لائف سیفٹی ٹریننگ وڈرلز یقینی بنائیں، مراکز صحت فائر پروٹیکشن سسٹم کی ٹیسٹنگ رپورٹ کرائیں، مراکز صحت لائف سیفٹی اقدامات بارے عمل درآمد رپورٹ جمع کرائیں۔آئی ایچ آر اے نے مراکز صحت کو لائف سیفٹی انتظامات مکمل کرنے کے لیے 7 یوم کی مہلت دیتے ہوئے کہا ہے کہ مراکز صحت فائر و لائف سیفٹی انتظامات کی عمل درآمد رپورٹ جمع کروائیں۔ مراسلے کے مطابق آئی ایچ آر اے مراکز صحت میں لائف سیفٹی اقدامات کا معائنہ کرے گی، لائف سیفٹی بارے احکامات پر عمل نہ ہونے پر سخت کارروائی ہوگی۔

بقیہ نمبر 45

کریں گے، ایران جوہری پروگرام دوبارہ شروع کرنے کی غلطی دہرائے گا تو نشانہ بنائیں گے۔ایلی کوہن نے مزید کہا کہ اگر اسرائیل نے حملہ نہ کیا ہوتا تو ایران جوہری ہتھیار حاصل کر چکا ہوتا، امریکا و اسرائیل کے حملوں نے ایرانی جوہری پروگرام دو، چار سال پیچھے دھکیل دیا ہے۔خیال رہے کہ امریکا اور اسرائیل نے 28 فروری 2026 کو ایران پر حملہ کیا تھا، امریکا اور اسرائیل کے حملے میں ایران کے رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ خامنہ ای سمیت متعدد جنرلز بھی شہید ہوگئے تھے۔

بقیہ نمبر 46

سرجری کے ذریعے خون کی شریانیں اور رگیں بحال کردی گئیں۔ان کا کہنا ہے کہ کامیاب سرجری کے بعد کٹے ہوئے ہاتھ میں خون کی روانی بحال ہوگئی ہے، کم عمر بچوں میں ہاتھ دوبارہ جوڑنے کی سرجری پیچیدہ ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 47

کہ اچانک پاؤں پھسلنے کے باعث پانی میں جا گرا، بچے کو بچانے کے لیے اس کی 46 سالہ والدہ بینش اور 9 سالہ بہن عروج نے بھی ڈیم میں چھلانگ لگا دی۔ ریسکیو اہلکاروں کا کہنا تھا کہ ابتدائی طور پر خاتون اور بچی کو زندہ نکال کر ہسپتال منتقل کیا، تاہم دونوں دورانِ علاج دم توڑ گئیں۔ذرائع نے مزید بتایا کہ بچے کی لاش بھی ڈیم سے نکال لی گئی جب کہ ایک ہی گھر کے تین افراد کے جاں بحق ہونے سے علاقے میں سوگ کی فضا قائم ہوگئی

بقیہ نمبر 48

جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔زخمیوں میں بعض کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے، ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا تاہم واقعہ کی مزید وجوہات کا تعین کیا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 49

نئے نظام کے تحت بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کو بجلی کی فراہمی کے قابل اعتماد نظام، صارفین کو خدمات، سرمایہ کاری، تحفظ اور جدید ٹیکنالوجیز کے حوالے سے جواب دہ بنایا جائے گا۔ نئے جاری کردہ نیپرا پرفارمنس اسٹینڈرڈز (ڈسٹری بیوشن) ریگولیشنز، 2026 نے پرفارمنس اسٹینڈرڈز (ڈسٹری بیوشن) رولز، 2005 کے تحت قائم بنیادی فریم ورک کی جگہ لے لی ہے۔ نئے ضوابط میں ان شعبوں میں نمایاں توسیع کی گئی ہے جن کی بنیاد پر بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 50

افواج کے ڈویژن کو ارسال کردی گئی ہے۔جنوبی چائنا مارننگ پوسٹ کی رپورٹ کے مطابق بنگلا دیش نے چین کے 5.4 نسل کے J-10CE لڑاکا طیارے خریدنے کا فیصلہ کیا ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ سال پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والی مختصر جنگ کے دوران چینی ساختہ J-10 طیاروں کی کارکردگی نے بنگلہ دیش کی توجہ حاصل کی۔بنگلا دیشی وزیراعظم کے اطلاعات و نشریات کے مشیر زاہد الرحمان کا کہنا ہے کہ اگر موجودہ مالی سال کے دوران طیاروں کی خریداری کے لیے مطلوبہ بجٹ مختص کردیا گیا تو معاہدے پر عمل درآمد کا آغاز فوری طور پر کیا جاسکتا ہے تاہم بجٹ مختص نہ ہونے کی صورت میں یہ معاملہ آئندہ مالی سال تک مؤخر ہوسکتا ہے۔رپورٹ کے مطابق بنگلا دیش کے دفاعی خریداری کے منصوبے میں چینی ساختہ جنگی ہیلی کاپٹرز، وی آئی پی ٹرانسپورٹ ہیلی کاپٹرز اور ڈرونز کی خریداری بھی شامل ہے۔بنگلا دیش کی جانب سے جدید جنگی طیاروں اور دیگر دفاعی ساز وسامان کے حصول کا یہ منصوبہ اس کی دفاعی صلاحیتوں کو جدید بنانے کی کوششوں کا حصہ قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 51

تقریباً 920,5 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کر چکا ہے، پاکستان نے قبل از وقت قرض ادائیگی میں اگست 2025 میں کی جانے والی 133,1 ارب روپے کی ریکارڈ کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔انہوں نے کہا کہ مالی سال 26-2025 میں اب تک مجموعی طور پر 900,2 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کیا گیا ہے۔خرم شہزاد کا کہنا ہے کہ مالی سال 27-2026 میں اب تک مزید 200,1 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کیا جاچکا ہے، قبل از وقت ادائیگیوں سے قرض کی مجموعی رقم میں کمی آئے گی اور آئندہ برسوں میں بڑی ادائیگیوں کے دباؤ میں کمی آئے گی۔مشیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کی قرض مینجمنٹ اب روایتی ادائیگیوں سے آگے بڑھ کر سرکاری مالی پوزیشن مضبوط بنانے کی سمت گامزن ہے۔

بقیہ نمبر 52

،ایف بی آر عملہ دکان میں داخل نہیں ہو سکے گا۔اپنے ایک بیان میں وزیر مملکت نے کہا کہ آسان ٹیکس اسکیم سے ٹیکس نیٹ وسیع ہوگا، اس کے تحت دکاندار سالانہ فروخت شدہ مال پر ایک فی صد ٹیکس ادا کرے گا، اور رجسٹرڈ دکانداروں کو ایف بی آر سبز رنگ کی رجسٹریشن پلیٹ دے گا۔وزیر مملکت نے کہا کہ سبز رجسٹریشن پلیٹ جس دکان میں نصب ہوگی، اس میں ایف بی آر عملہ پوچھ گچھ کے لئے داخل نہیں ہوسکے گا، اور آسان ٹیکس اسکیم میں شامل دکانداروں کا عمومی طور پر آڈٹ بھی نہیں ہوگا۔ بلال اظہر نے کہا کہ اسکیم میں شامل دکاندار ودہولڈنگ ایجنٹ بننے کے پابند نہیں ہوں گے

بقیہ نمبر 53

کلیئرنس اور انتظار کے وقت میں کمی کے لیے اضافی سرچ کاؤنٹر قائم کرنے کی ہدایت کی۔خواجہ آصف نے نئے تعمیر شدہ امیگریشن ایریا اور جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا، جبکہ انٹرنیشنل اور ڈومیسٹک ڈپارچر ایریاز میں مسافروں کی سہولت کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔وزیر دفاع نے لاہور ایئرپورٹ پر مسافروں کی سہولت کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے پر زور دیا اور مسافروں کی سہولت کے لیے مختلف سہولیات کی اپ گریڈیشن اور تزئین و آرائش کے منصوبوں کا جائزہ لیا۔پی اے اے کے مطابق خواجہ آصف نے ٹریفک کے رش میں کمی کے لیے ڈپارچر ڈراپ آف لین کی توسیع ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے پر زور دیا۔ڈومیسٹک ڈپارچر ایریا کی جاری تعمیر میں پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے منصوبے کی بروقت تکمیل اور مسافروں کی سہولت پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ نمبر 54

وہراس پھیل گیا اور مکین گھروں میں محصور ہوکر رہ گئے۔ فائرنگ کے واقعے میں راہگیر خاتون سمیت 3 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں، ریسکیو ذرائع کے مطابق ایک گروپ کے 6 جبکہ دوسرے گروپ کے 2 افراد مارے گئے ہیں،

بقیہ نمبر 55

جانے والی بڑی تیل کمپنیوں کو غیر معمولی منافع حاصل ہورہا ہے۔ قطری نشریاتی ادارے کے مطابق الزبتھ وارن نے میساچوسٹس میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ کی ایران کے خلاف جنگی پالیسی کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا

بقیہ نمبر 56

کی قلمرو رکھنے والے تمام افراد نے منظور کیا ہے، تو ہم ان مسائل پر قابو پا سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد سے امریکا اور اسرائیل کو خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے سے روکا جاسکے گا، جبکہ خطے کے ممالک اتحاد اور تعاون کے ذریعے استحکام اور ترقی کی راہ پر آگے بڑھ سکیں گے۔ایرانی صدر پزشکیان نے تہران کی جانب سے ایک متحد سیاسی مؤقف اختیار کرنے پر بھی زور دیا اور کہا کہ حکومت کے تینوں شعبوں کے سربراہان اور سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے درمیان رابطہ اور ہم آہنگی بہتر ہوئی ہے۔ پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران جنگ نہیں چاہتا، تاہم کسی بھی جارحیت کے خلاف پوری قوت سے کھڑا ہوگا، کوئی بھی طاقت ایرانی قوم کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور نہیں کرسکتی، ایران نے جنگ شروع نہیں کی اور نہ ہی وہ جنگ کا خواہاں ہے۔انہوں نے کہا کہ تہران دھمکیوں اور دباؤ کے سامنے سر نہیں جھکائے گا، ایرانی قوم اپنے دفاع اور قومی خودمختاری کے تحفظ کیلئے متحد ہے، خطے میں امن واستحکام کا قیام ایران کی ترجیحات میں شامل ہے، عالمی امن اور پائیدار استحکام کا آغاز خطے سے ہونا چاہیے۔ایرانی صدر نے عالمی برادری پر زور دیا کہ خطے میں کشیدگی کم کرنے اور امن کے قیام کیلئے مؤثر کردار ادا کیا جائے، تاکہ مزید تنازع سے بچا جاسکے۔ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے اعتراف کیا ہے کہ امریکی پابندیاں ملک کی معیشت کو نقصان پہنچا رہی ہیں، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ پابندیوں کا بالکل کوئی اثر نہیں، ایسے لوگوں سے میں واقعی نہیں جانتا کہ کیا کہوں، ہم جنگ کی صورتِ حال میں ہیں اور ہمیں جنگ کے ان حالات کو قبول کرنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 57

امریکا دونوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں اور وہ ان تعلقات کو استعمال کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرنا چاہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ عراق کی خواہش ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان بات چیت آگے بڑھے اور ایسا معاہدہ طے پائے جو صرف دونوں ممالک ہی نہیں بلکہ پورے خطے کے مفادات اور حقوق کو مدنظر رکھے۔عراقی سکیورٹی مشیر کے مطابق ایران نے اس بات پر بھی زور دیا ہے کہ عراق کی سرزمین سے شدت پسند گروہوں کو ختم کیا جائے۔انہوں نے اس معاملے کو بھی علاقائی سکیورٹی کے لیے اہم قرار دیا۔قاسم الاعرجی کا بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی برقرار ہے اور خطے میں سفارتی کوششیں جاری ہیں۔عراق کی جغرافیائی حیثیت اور ایران وامریکا دونوں کے ساتھ اس کے تعلقات اسے ممکنہ رابطہ کاری میں اہم کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 58

مطابق راول ڈیم میں پانی کی سطح 40.1751 فٹ تک پہنچ گئی ہے، جس کے باعث اضافی پانی کے اخراج کے لیے سپل ویز کل 31 اگست کو صبح 6 بجے کھولے جائیں گے۔انتظامیہ نے سپل ویز کھولنے کے دوران ریسکیو 1122، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کردی ہے۔سپل ویز کھولنے سے قبل تمام متعلقہ اداروں کو ضروری حفاظتی اور احتیاطی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔دوسری جانب ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ سپل ویز کھولے جانے کے دوران ندی نالوں، برساتی نالوں اور نشیبی علاقوں کے قریب جانے سے گریز کریں اور کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے بچنے کے لیے انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کریں۔

بقیہ نمبر 59

وزیراعظم نے انکوائری کمیٹی کی عبوری رپورٹ کو وزارت صحت کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرکے عوام کے لیے جاری کرنے کی واضح ہدایت کی تھی تاہم ویب سائٹ پر رپورٹ کی دستیابی کی تصدیق نہیں ہوسکی

بقیہ نمبر 60

مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو اسلام آباد لانگ مارچ کی کال دی جائے گی۔حکمران عوامی طاقت کا مقابلہ نہیں کر سکتے، انہیں قوم کو حقوق دینا ہوں گے، جماعت اسلامی کی جدوجہد رکے گی نہیں۔ لیاقت باغ راولپنڈی میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جب عوام کسی کو مسترد کردیتے ہیں تو اسے ''فارم 47'' کے ذریعے اقتدار میں بٹھا دیا جاتا ہے۔موجودہ حکمران عوام کو صحت، تعلیم یا بنیادی سہولیات دینے کے بجائے بجلی، پٹرول اور مہنگائی کے بم دے رہے ہیں۔ ''شہباز سپیڈ'' صرف مہنگائی بڑھانے کے لیے استعمال ہورہی ہے۔ملک میں ظلم کے نظام کو تبدیل اور موجودہ حکمرانوں کو ہٹانا ہوگا۔جماعت اسلامی کی تحریک کسی شخصیت یا خاندان کے خلاف نہیں بلکہ عوام کے بنیادی حقوق کے حصول کی تحریک ہے۔امیر پنجاب شمالی ڈاکٹر طارق سلیم ، امیر راولپنڈی سید عارف شیرازی ، امیر اسلام آباد نصراللہ رندھاوا، صدر نیشنل لیبر فیڈریشن شمس الرحمن سواتی ، قائد جمعیت طلبہ عربیہ ابراہیم عثمانی ، ناظم اسلامی جمعیت طلبہ راولپنڈی حمزہ آصف اعوان اور قائم مقام سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین ثمینہ سعید نے بھی جلسہ سے خطاب کیا۔ لیاقت باغ کا تاریخی جلسہ جماعت اسلامی کی پٹرولیم لیوی، آئی پی پیز معاہدوں اور مہنگائی کے خلاف جاری دھرنوں اور جلسوں کی تحریک کا حصہ تھا۔جلسہ میں ہزاروں کی تعداد میں عوام نے شرکت کی۔لاہور، کراچی، پشاور، کوئٹہ، چترال، حیدرآباد اور اندرون سندھ میں جاری دھرنوں میں بھی عوام کی بڑی تعداد شریک تھی۔شرکاء پرجوش تھے اور انہوں نے حکمرانوں کی پالیسیوں کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جماعت اسلامی کے کارکنوں نے جلسے کی راہ میں انتظامیہ کے تمام ہتھکنڈے ناکام بنادیے۔ کارکنوں کو تاریخی مقام پر کامیاب جلسہ منعقد کرنے پر مبارکباد، اگر جلسہ نہ کرنے دیا جاتا تو راولپنڈی اور اسلام آباد کی سڑکیں بند کردیتے۔لیاقت باغ وہ تاریخی مقام ہے جہاں شہید ملت لیاقت علی خان کو شہید کیا گیا، مگر کئی دہائیاں گزرنے کے باوجود قوم کے محسنوں کے قاتل گرفتار نہیں کیے جاسکے۔ بے نظیر بھٹو بھی اسی شہر میں قتل ہوئیں لیکن آصف زرداری ان کے قاتلوں کو بھی انصاف کے کٹہرے میں نہیں لاسکے۔

بقیہ نمبر 61

پر انحصار کم ہوگا اور توانائی کے شعبے میں پائیداری بڑھے گی یہ منصوبہ پاور سیکٹر اصلاحات اور سرکاری اداروں میں بہتری کے وسیع تر حکومتی ایجنڈے کی بھی معاونت کرتا ہے اس کے تحت نیشنل گرڈ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ جو پہلے نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی کہلاتی تھی کی ادارہ جاتی، مالیاتی، عملی اور انتظامی کارکردگی کو بہتر بنایا جائے گا۔ یہی ادارہ اس منصوبے کا نفاذ کرے گا۔اے ڈی بی کا مالیاتی پیکج 285 ملین ڈالر کا کمرشل قرض اور 45 ملین ڈالر کا رعایتی قرض شامل کرتا ہے جو این جی سی کو ٹرانسمیشن نیٹ ورک کی توسیع، ادارہ جاتی صلاحیت میں اضافہ، مالیاتی نظم ونسق کی بہتری، عوامی آگاہی اور صنفی مساوات کے اقدامات کو آگے بڑھانے میں مدد دے گا۔اے ڈی بی کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر، ایما فین نے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستان اور اے ڈی بی کے مضبوط شراکت دارانہ تعلق کا مظہر ہے۔ان کے مطابق ٹرانسمیشن گنجائش میں اضافہ اور کم لاگت ہائیڈرو پاور کی ترسیل سے نہ صرف صاف توانائی کی فراہمی بڑھے گی بلکہ نظامی اخراجات میں کمی اور ملک کی طویل مدتی پائیدار معاشی ترقی میں بھی مدد ملے گی۔یہ منصوبہ نیشنل پاور پالیسی 2021، ویژن 2025 اور پاکستان کی نیشنل ڈیٹرمنڈ کنٹری بیوشنز 2021 سے ہم آہنگ ہے جن میں توانائی کے تحفظ، موسمیاتی لچک، سستی صاف بجلی اور پائیدار ترقی کو بنیادی اہداف قرار دیا گیا ہے۔نئی ٹرانسمیشن لائن اور اپ گریڈڈ انفراسٹرکچر تکنیکی نقصانات میں کمی، گرڈ کی بھروسہ مندی میں اضافہ اور توانائی کے شعبے کی مالی استحکام میں اہم کردار ادا کریں گے۔اے ڈی بی پاکستان اور دیگر ترقیاتی شراکت داروں کے ساتھ مل کر پاور سیکٹر اصلاحات، بہتر گورننس اور صاف وقابل بھروسا بجلی کی فراہمی میں بہتری کے لیے تعاون جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ نمبر 62

اداروں کو ٹھیک اور مضبوط کرلیں گے، صوبہ بنانا کوئی غیر آئینی بات یا غداری نہیں، ہمیں انتظامی یونٹس پر برا یا گالی بکنے والوں کا ہم سے اختلاف نہیں، وہ ذوالفقار علی بھٹو سے اختلاف کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 63

اور ٹل کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ آئے روز بچیوں کے ساتھ زیادتی کے واقعات ہورہے ہیں۔روبینہ خالد نے کہا کہ قانون میں سقم کی وجہ سے ملزمان فائدہ اٹھاتے ہیں، متاثرہ فیملی کی ہر قانونی وعدالتی کارروائی میں مدد کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 64

میں ہیرا پھیری کر رہا ہے اور جنگ کو طول دینے کیلئے توانائی کی منڈی پر اثر انداز ہونے کی کوشش کر رہا ہے، انہوں نے مینار سکول سانحے کو ملک کیلئے ایک دائمی زخم قرار دیتے ہوئے عوام اور جدید فنون کے شائقین سے اپیل کی ہے کہ وہ اس واقعے سے متاثرہ فن پاروں کی نمائش ضرور دیکھیں۔

بانی چیئر مین PAEI خورشید برلاس ودیگر افراد چینی کمپنی کے اعلیٰ حکام کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

PAEI اور چینی کمپنی ہینان سیساس ہیومن ریسورسز میں معاہدہ

فریقین تجارت، کاروباری، دوستانہ پالیسیوں میں بہتری کے بارے میں وفود کے ساتھ براہ راست ملاقاتوں کا اہتمام کرینگے، خورشید برلاس

معاہدے کا مقصد تقریبات کا انعقاد کر کے کاروباری برداری کو ایک دوسرے کے ساتھ سہولت فراہم کرنا ہے، شوڈونگ ہائی

ایکسپو سے دونوں ملکوں کی مصنوعات کو متعارف کروانے کا موقع ملے گا اور تجارتی و سرمایہ کاری کو مزید فروغ دیا جائیگا، ڈاکٹر رضوان

اسلام آباد (پ ر) ہینان سیساس ہیومن ریسورسز کمپنی لمیٹڈ کے سی ای او ڈاکٹر رضوان علی، ژونگتائی اسپیشل کیبل ٹیکنالوجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے سی او شوڈونگ ہائی، ڈائریکٹر وانگ فانگ، چوہدری جاوید صابر بھی نے پاکستان ایسوسی ایشن آف ایگزیبیشن انڈسٹری کے آفس میں دورے کے دوران بانی چیئرمین خورشید برلاس سے خصوصی ملاقات میں PAEI کے ایگزیکٹو ممبر توصیف زمان بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاکستان چین کی لازوال اور انتہائی مضبوط دوستی اور بڑھتے ہوئے تعلقات پر بھی بات چیت ہوئی۔ بانی چیئرمین خورشید برلاس نے بتایا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

یونیورسٹی آف لاڑکانہ میں طلبہ انٹری ٹیسٹ دے رہے ہیں

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کیے۔ کارروائیوں کے دوران 323 افراد 133 گھروں 30 دکانوں 170 موٹر سائیکلوں اور 48 گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔ پولیس کے مطابق جانچ پڑتال کے لیے 6 مشکوک افراد اور 18 موٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

رحیم یار خان، قتل و زیادتی کیس، 2 نامزد ملزمان مارے گئے

قبضے سے اسلحہ برآمد، جرائم پیشہ ملزمان کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن جاری

رحیم یار خان (آئی این پی) رحیم یار خان کے علاقے خانپور میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کائنات بی بی کے وحشیانہ قتل اور جنسی زیادتی کے مقدمے میں نامزد 2 ملزمان کو ہلاک کر دیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق کائنات بی بی کے اغوا، قتل اور زیادتی کے مقدمے میں نامزد ملزمان اللہ ڈتہ جمالی اور حسنین جمالی نے پولیس ٹیم کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی، جس پر پولیس نے اپنی جان بچاتے ہوئے موثر جوابی کارروائی کی۔ ترجمان پولیس کے مطابق پولیس مقابلے میں دونوں نامزد ملزمان ہلاک ہوگئے، جبکہ ہلاک ملزمان کے قبضے سے ناجائز اسلحہ بھی برآمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

قائداعظم محمد علی جناحؒ کا 78 واں یوم وفات 11 ستمبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) بانی پاکستان حضرت قائد اعظم محمد علی جناحؒ کا 78 واں یوم وفات 11 ستمبر کو منایا جائے گا۔ بابائے قوم کے یوم وفات کے سلسلے میں ملک بھر میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کے دوران سیاسی و سماجی شخصیات بانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

پشاور، صوبوں اور اسلام آباد پولیس کو مطلوب 4 ڈاکو ہلاک، 2 فرار

ہلاک ہونے والے ملزمان میں وقار عرف میجر گینگ کا سرغنہ بھی شامل ہے، پولیس

پشاور (آئی این پی) پشاور میں مبینہ پولیس مقابلے میں چار ڈاکو ہلاک کر دیئے گئے۔ مرنے والے ڈاکو تین صوبوں اور اسلام آباد پولیس کو مطلوب تھے۔ رپورٹ کے مطابق پشاور میں یکہ توت کے مقام پر پولیس مقابلے میں چار ڈاکو مارے گئے جب کہ ان کے دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ سی سی پی او کا کہنا ہے کہ مارا جانے والا ڈکیت گینگ تین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی، چیئرمین سیرت کمیٹی صاحبزادہ محمد حسین علی خان نعت خوانوں میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

پاکستان ازبکستان کا سرمایہ کاری اقتصادی تعلقات مزید بڑھانے پر اتفاق

پاکستانی سفیر مدثر ٹیپو کی ازبک نائب وزیراعظم سے ملاقات، دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

تاشقند (صباح نیوز) پاکستان اور ازبکستان نے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع بڑھانے سمیت اقتصادی تعلقات مزید گہرا کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ ازبکستان میں تعینات پاکستانی سفیر محمد مدثر ٹیپو نے ازبک نائب وزیراعظم جمشید خودجایف سے ملاقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

راولپنڈی، میونسپل کارپوریشن میں میلاد کانفرنس سے مولانا عمر فیض قادری خطاب کر رہے ہیں

جعلی کاغذات پر بینکاک جانے والا پاکستانی ڈی پورٹ، ایجنٹ گرفتار

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) بینکاک سے پاکستانی مسافر کو جعلی کاغذات پر ڈی پورٹ کر دیا گیا، جس کے بعد ایف آئی اے پشاور زون نے مسافر کو بھیجنے والے ایجنٹ کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے مطابق حال ہی میں بختی نامی مسافر بینکاک، تھائی لینڈ سے ڈی پورٹ ہوا ہے، مسافر نے جعلی طریقے سے وزٹ ویزا کو ایمپلائمنٹ ویزا میں تبدیل کروایا تھا، مذکورہ جعلی ایمپلائمنٹ ویزا کی بنیاد پر مسافر نے پروٹیکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی، گیارہویں سالانہ محفل میلاد کا انعقاد

عاشقانِ رسول میونسپل کارپوریشن کے ملازمین، افسران اور شہریوں کی شرکت

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) میونسپل کارپوریشن راولپنڈی میں ملک عثمان علی بانی محفل و میلاد کمیٹی کے زیر اہتمام گیارہویں سالانہ عظیم الشان محفل میلاد کا انعقاد کیا گیا، جس میں عاشقانِ رسول میونسپل کارپوریشن کے ملازمین، افسران اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ محفل کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے کیا گیا، جس کے بعد نعت خوانی کا سلسلہ جاری رہا۔ محفل میلاد میں معروف نعت خواں علی شیر حاکم صاحب سمیت دیگر نعت خوانوں نے حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ کی بارگاہِ اقدس میں نذرانہ عقیدت پیش کیا۔ نعت خوانوں کی خوبصورت آواز اور عقیدت بھرے کلام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

نیویارک میں آر ایس ایس سربراہ کے دورے پر خالصتان کا احتجاج

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نیویارک میں واقع میڈیسن اسکوائر گارڈن کے باہر مظاہرین نے بھارتی حکومت اور ہندو قوم پرستی کی پالیسیوں کے خلاف نعرے لگائے۔ مظاہرین نے بھارت میں سکھوں، مسلمانوں اور مسیحیوں کے ساتھ مبینہ امتیازی سلوک اور انسانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

بیرونی قوتیں مقاصد حاصل نہیں کر سکیں، ایرانی آرمی چیف

ایرانی فورسز نے کارروائیاں جاری رکھیں، میزائل و ڈرونز کے ذریعے جواب دیا

تہران (صباح نیوز) ایرانی آرمی چیف میجر جنرل امیر حاتمی نے کہا ہے کہ حالیہ محاذ آرائی کے دوران بیرونی قوتیں ایران کے خلاف اپنے طے شدہ اسٹریٹجک مقاصد حاصل نہیں کر سکیں۔ شہدا کی یاد میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایرانی فوج کے کمانڈر ان چیف نے کہا کہ کسی بھی جنگ میں کامیابی کا فیصلہ اس بات سے ہوتا ہے کہ مخالف فریق اپنے اہداف حاصل کر پاتا ہے یا نہیں، ایران کے دفاعی نظام کو نقصان پہنچانے کی کوششوں کے باوجود (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

خودکشی سے تحفظ کا عالمی دن 10 ستمبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) دنیا بھر کے دیگر ممالک کی طرح پاکستان میں بھی خودکشی سے تحفظ کا عالمی دن (ورلڈ سوئی سائیڈ پریوینشن ڈے) 10 ستمبر کو منایا جائے گا۔

اسلام آباد، سکوٹی پر سوار خواتین بغیر ہیلمٹ سڑک پر رواں دواں جو کسی بڑے حادثے کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتا ہے

ظفروال، نالہ ڈیک میں پانی کی سطح بلند، سیلاب، انتظامیہ الرٹ

ظفروال (آئی این پی) ظفروال میں نالہ ڈیک میں پانی کی سطح میں مسلسل اضافہ جاری ہے۔ محکمہ آبپاشی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پاکستانی طلبا کی عالمی پلیٹ فارم پر شاندار سفارتی کامیابی

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستانی طلبا نے عالمی پلیٹ فارم ہارورڈ ماڈل یونائیٹڈ نیشنز چائنا میں شاندار سفارتی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ مقابلے میں 70 سے زائد وفود نے شرکت کی، جہاں پاکستانی طلبا نے بہترین مندوب اور نمایاں سفارتی کارکردگی سمیت مجموعی طور پر 5 انفرادی اعزازات اپنے نام کیے۔ پاکستانی ٹیم کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

یوکرین پر روسی ڈرون حملہ، گولہ بارود ڈپو نشانہ، 37 افراد ہلاک

رہائشی عمارتوں کو نقصان، معذور افراد کا مرکز بھی متاثر، امدادی کارروائیاں جاری

کیف (صباح نیوز) یوکرین کے دارالحکومت کیف کے قریب روسی ڈرون حملے کے نتیجے میں گولہ بارود کے ڈپو کو نشانہ بنایا گیا جس کے باعث 37 افراد ہلاک ہوگئے۔ یوکرینی صدر ولودیمیر زیلنسکی کے مطابق دھماکے سے قریبی رہائشی عمارتوں کو شدید نقصان پہنچا، جبکہ بزرگوں اور معذور افراد کا مرکز بھی متاثر ہوا۔ انہوں نے کہا کہ کیف اور اس کے گردونواح میں روسی فضائی حملے مسلسل تیسرے روز بھی جاری رہے، کیف کے علاقے میں رواں سال ہونے والا یہ سب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

بنوقابل پروگرام کے دوسرے بیچ کا آغاز، 300 طلبہ رجسٹرڈ

الخدمت فاؤنڈیشن نوجوانوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے کوشاں، الطاف شیر

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے زیرِ اہتمام نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور ہنر سے آراستہ کرنے کے لیے جاری بنوقابل پروگرام کے دوسرے بیچ کا باقاعدہ آغاز رازی ہسپتال، CBR ٹاؤن اسلام آباد میں کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمانِ خصوصی صدر الخدمت فاؤنڈیشن اسلام آباد الطاف شیر تھے، جبکہ کیمپس کوآرڈینیٹر انیل یونس سمیت طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمانِ خصوصی الطاف شیر نے کہا کہ بنوقابل پروگرام نوجوان نسل کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور انہیں باعزت روزگار کے قابل بنانے کی جانب ایک اہم قدم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد پولیس کا کریک ڈاؤن 23 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے جاری کریک ڈاؤن کے دوران سنگین جرائم میں ملوث 23 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں 10 اشتہاری اور عدالتی مفرور مجرمان بھی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق گرفتار 13 ملزمان کے قبضے سے 1547 گرام آئس 115 گرام چرس ایک رائفل ایک گن اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

گوجرخان: شہری سے ناروا سلوک پر کانسٹیبل معطل

ویڈیو وائرل ہونے پر سی پی او راولپنڈی حسن سکھیرا نے نوٹس لیا تھا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) تھانہ گوجرخان میں زیرِ حراست شخص سے مبینہ ناروا سلوک اور تشدد کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا نے واقعہ کا فوری نوٹس لے لیا۔ ذرائع کے مطابق زیر حراست شخص فیاض پولیس کو متعدد مقدمات میں مطلوب اور مبینہ طور پر عادی مجرم و قبضہ مافیا سے وابستہ بتایا جاتا ہے، جس کے حوالے سے پولیس تفتیش جاری تھی۔ ویڈیو میں کانسٹیبل احتشام کی جانب سے مبینہ طور پر زیرِ حراست شخص فیاض سے بدسلوکی اور تشدد کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے، جس پر شہریوں کی جانب سے بھی شدید ردعمل سامنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

غیر صحت بخش غذاؤں پر وارننگ لیبلز فوری نافذ کیے جائیں: پناہ

وارننگ لیبلز کے نفاذ میں مزید تاخیر کی کوئی گنجائش نہیں، جنرل سیکریٹری ثناء اللہ گھمن

واضح لیبلز مصنوعات کی شناخت اور بہتر غذائی انتخاب میں مدد دیں گے، منور حسین

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (PANAH) نے حکومت سے الٹرا پروسیسڈ غذاؤں اور مشروبات پر لازمی فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کے نفاذ کا عمل فوری تیز کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ پناہ کے زیر اہتمام ورکشاپ میں صحت کے ماہرین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

جاوید بلوچ واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے ڈپٹی چیئرمین منتخب

طارق نیازی، سجاد ساجد، راجہ وقار، نعیم محمود، قمر کلیامی، عمران عزیز و دیگر کی مبارکباد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) آئیسکو کے ریجنل قائد اور نامور مزدور راہنما جاوید اقبال بلوچ واپڈا سی بی اے کے مرکزی ڈپٹی چیئرمین منتخب ہوگئے اس امر کا اعلان گزشتہ روز بختیار لیبر ہال، نسبت روڈ لاہور میں منعقدہ یونین کی مرکزی مجلس عاملہ کے اجلاس میں کیا گیا۔ علاوہ ازیں ملک کے ممتاز مزدور راہنما اور عالمی ادارہ محنت کی گورننگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ایس ایس پی قاضی علی رضا چھٹی کے روز بھی فیلڈ میں متحرک

مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا، سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا اتوار کے روز بھی فیلڈ میں متحرک۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا اور سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا، انہوں نے سکیورٹی کے فرائض پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

اپسما راولپنڈی کا اجلاس، ممبر سازی اور 12 نئے سیکٹرز کے قیام کا فیصلہ

نجی تعلیمی اداروں کے مسائل حل اور تنظیم مضبوط بنانے کیلئے مہم تیز کرنے کا عزم

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن اپسما تحصیل راولپنڈی کا اہم اجلاس اے ایس اے سکول کالج روڈ میں منعقد ہوا جس میں اپسما وومن ونگ نے بھی بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کی صدارت تحصیل صدر عدنان نثار اور وومن ونگ صدر میڈم اسماء شاہد نے مشترکہ طور پر کی جبکہ ایجنڈا جنرل سیکرٹری راجہ نعمان نے پیش کیا اجلاس میں نجی تعلیمی اداروں کی موثر نمائندگی ممبر سازی مہم تیز کرنے اور راولپنڈی میں تنظیم کے نئے سیکٹرز کے قیام پر تفصیلی غور کیا گیا شرکاء نے فیصلہ کیا کہ راولپنڈی کو 12 سیکٹرز میں تقسیم کر کے ہر سیکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اپسما راولپنڈی کے اجلاس کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

مون سون، آٹھویں اسپیل کی انٹری، شدید بارش، موسم خوشگوار

پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ، برساتی نالوں میں طغیانی کا خطرہ موجود

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد میں مون سون کے آٹھویں اسپیل کی دھواں دھار انٹری کے بعد موسم خوشگوار ہوگیا۔ وفاقی دارالحکومت کے بعض علاقوں میں اتوار کی دوپہر اچانک تیز بارش شروع ہوگئی، ریڈ زون، سیکٹر ایف سکس اور جی سکس سمیت بعض علاقوں میں دھواں دھار بارش ہوئی، جس سے موسم خوشگوار ہوگیا، جبکہ شہر کے کئی سیکٹرز میں بارش کا ایک قطرہ بھی نہ گرا۔ مون سون کے آٹھویں اسپیل کے پیش نظر 5 ستمبر تک پنجاب اور خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع بارشیں متوقع ہیں، پی ڈی ایم اے کے مطابق لاہور، گوجرانوالہ، سیالکوٹ اور راولپنڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی، سیاسی و مذہبی شخصیت شیخ عبدالوحید کو سیرت کمیٹی کا سینئر نائب صدر بننے پر شیلڈ پیش کی جا رہی

ماشکیل، سرکاری تنصیبات کو نقصان پہنچانے کی کوشش ناکام

فورسز کی موثر جوابی فائرنگ سے دہشگرد حواس باختہ ہو کر فرار ہونے پر مجبور ہو گئے

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز نے انتہائی بروقت اور موثر کارروائی کر کے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ سیکیورٹی فورسز نے ماشکیل میں دہشت گردوں کی سرکاری تنصیبات کو نقصان پہنچانے کی کوشش ناکام بنا دی۔ سیکیورٹی فورسز کی موثر جوابی فائرنگ سے دہشت گرد حواس باختہ ہو کر فرار ہونے پر مجبور ہو گئے، کارروائی کے دوران دہشت گردوں سے اسلحہ، گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں قبضے میں لے لی گئیں۔ اسسٹنٹ کمشنر ماشکیل کے مطابق مسلح افراد نے ماشکیل میں پولیس، کسٹمز ویئر ہاؤس اور دیگر سرکاری تنصیبات کو نشانہ بنانے کی کوشش کی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

جہلم، نماز کیلئے مسجد جاتے لڑکے کو پالتو کتے نے کاٹ لیا، مالک گرفتار

طبی امداد کے بعد لڑکے کو مزید علاج اور ویکسینیشن کیلئے راولپنڈی منتقل کر دیا گیا

جہلم (آئی این پی) جہلم میں نماز پڑھنے کیلئے مسجد جانے والے لڑکے کو پالتو کتے نے کاٹ لیا مالک کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ رپورٹ مطابق واقعہ اتوار کی صبح اس وقت پیش آیا، جب شعبان نامی لڑکا نماز فجر کی ادائیگی کیلئے مسجد جا رہا تھا کہ ایک پالتو کتے نے اسے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد، پشاور موڑ کے سنڈے بازار میں شہری خریداری کر رہے ہیں

وفاق کے زیر انتظام 7 سرکاری ہسپتالوں میں 2108 ڈاکٹرز، نرسز اور سٹاف کم

ان ہسپتالوں کی منظور شدہ آسامیاں 5602 ہیں جبکہ 3494 ڈاکٹر، نرسز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کام کر رہا ہے

پمز کی منظور شدہ آسامیاں 2453 ہیں جبکہ صرف 1419 ڈاکٹرز، نرسز اور پیرا میڈیکل اسٹاف موجود ہیں، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سات وفاقی سرکاری ہسپتالوں میں 2108 ڈاکٹرز، نرسز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی کمی سامنے آئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ان ہسپتالوں کی منظور شدہ آسامیاں 5602 ہیں جبکہ 3494 ڈاکٹر، نرسز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کام کر رہا ہے۔ پمز سمیت کسی ہسپتال میں عملہ، ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف ہی پورا نہیں۔ بڑے سانحہ کا شکار ہونے والا سب سے بڑا ہسپتال پمز بھی عملے کی کمی کا شکار ہے۔ پمز کی منظور شدہ آسامیاں 2453 ہیں جبکہ صرف 1419 ڈاکٹرز، نرسز اور پیرا میڈیکل اسٹاف موجود ہیں۔ پمز میں 1034 طبی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

پیرس: عدیل گوندل کی میزبانی میں محفلِ میلادِ مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد

اہم شخصیات، مذہبی و سماجی افراد اور عاشقانِ رسول ﷺ نے بھرپور شرکت کی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) فرانس کے دارالحکومت پیرس میں لاہور ریسٹورنٹ کے اونر عدیل گوندل کی میزبانی میں محفلِ میلادِ مصطفیٰ ﷺ کا پُروقار انعقاد کیا گیا، جس میں پاکستانی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات، مذہبی و سماجی افراد اور عاشقانِ رسول ﷺ نے بھرپور شرکت کی۔ محفل کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک، حمدِ باری تعالیٰ اور نعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

جشن عید میلاد النبی کے جشن ولادت کے موقع پر پیرس میں منعقدہ محفل نعت میں شریک شرکاء کا گروپ فوٹو

لاہور: یونیورسٹی کی طالبات اور ٹیچرز کو ہراساں کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ستوکتلہ پولیس نے یونیورسٹی کی طالبات اور خواتین ٹیچرز کو ہراساں کرنے والے ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کر لیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے واقعے کا نوٹس لے کر ملزم کی جلد گرفتاری کا حکم دیا تھا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

پولیس تعاون کا عالمی دن 7 ستمبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پولیس تعاون کا عالمی دن 7 ستمبر منایا جائے گا۔ اس سے قبل اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے گزشتہ سال 16 دسمبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

کوہ پیما میاں سید علی شاہ کی میت لانے کیلئے ہیلی کاپٹر روانہ

سوات (صباح نیوز) فلک سر پہاڑ پر کوہ پیما میاں سید علی شاہ کی میت لانے کے لیے ہیلی کاپٹر روانہ کر دیا گیا۔ کوہ پیما سید علی شاہ 17 جولائی کو کوہ پیمائی کے دوران گلیشیئرز میں لاپتا ہوئے ڈی سی سہیل احمد کے مطابق ہیلی کاپٹر آئی جی ایف سی خیبر پختونخوا کی جانب سے بھجوایا گیا۔ میت کئی روز سے فلک سر کی دشوار گزار چوٹی پر موجود ہے۔ ڈرون کیمروں کے ذریعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

صحافی احمد نواز کھوکھر کی رہائش گاہ پر ناشتہ کا اِہتمام و محفل

علامہ محمد مجیب نے ختم پاک پڑھا اور آقا دو جہاں ﷺ کی خدمت میں سلام پیش

گوجرخان (بیورو رپورٹ) 12 ربیع الاول کو عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر پوٹھوہار پریس کلب کے سابق صدر احمد نواز کھوکھر نے اپنی رہائش گاہ پر روایتی ناشتہ کا اہتمام کیا، صبح ختم پاک اور درود و سلام کی محفل منعقد ہوئی، ممتاز مذہبی دانشور علامہ حافظ محمد مجیب نے ختم پاک پڑھا اور آقا دو جہاں ﷺ کی خدمت میں سلام پیش کیا، انہوں نے اہل خانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

سکھر، ماہی گیر دریائے سندھ سے مچھلیاں پکڑنے میں مصروف ہیں

کراچی، غیر ملکی و ملکی شہریوں کو اغوا کرنے والا گروہ گرفتار، 4 مغوی بازیاب

نائجیرین شہریوں کی شناخت اسٹن، مائیکل اور جنتن جبکہ خیبر کے رہائشی مغوی کی شناخت نصرت خان ولد ارباب کے نام سے ہوئی

گرفتار ملزمان کے قبضے سے ایک کالاکوف، دو پستول، کارتوس، منشیات اور دیگر اشیا بھی برآمد، مزید تفتیش جاری، پولیس حکام

کراچی (آئی این پی) کراچی میں تھانہ گلبہار پولیس نے غیر ملکی شہریوں اور ضلع خیبر کے رہائشی کو اغوا کرنے والا تین رکنی گروہ گرفتار کر لیا جبکہ 4 مغوی باحفاظت بازیاب کرا لئے گئے۔ تفصیل کے مطابق پولیس نے خفیہ اطلاع اور جدید تفتیشی ذرائع کی مدد سے گلبہار نمبر 2 میں واقع ایک مکان پر چھاپہ مار کر وہاں محبوس 4 مغویوں کو بحفاظت بازیاب کر لیا۔ مغویوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد، وزیراعلیٰ مریم نواز فیلڈ ہسپتال میں مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں

سوات، زلزلہ، شدت 3.4 ریکارڈ

سوات (آئی این پی) سوات اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں، جس کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق سوات اور ملحقہ علاقوں میں آنے والے زلزلے کی شدت 3.4 ریکارڈ کی گئی، جبکہ زلزلے کی گہرائی زمین کے اندر 185 کلومیٹر تھی۔

نیپال میں 6 سالہ بچی کو تین دن بعد ملبے سے زندہ نکال لیا گیا

کوشی دریا میں شدید طغیانی کے باعث آنے والے سیلاب سے بری طرح متاثر

کھٹمنڈو (آئی این پی) نیپال میں تباہ کن سیلاب کے بعد امدادی کارکنوں نے 6 سالہ بچی کو تین دن بعد سیلابی ملبے سے زندہ نکال لیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ضلع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)